# SENATE OF PAKISTAN
## SENATE DEBATES

Monday, July 10, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

بسم الله الرحمن الرحيم

لتبلون في اموالكم وانفسكم

ولتسمعن من الذين اوتوا الكتب من قبلكم ومن الذين اشركوا اذى

كثيرا وان تصبروا وتتقوا فان ذلك من عزم الامور ○

واذ اخذ الله ميثاق الذين اوتوا الكتب لتبيننه للناس ولا

تكتمونه فنبذوه وراء ظهورهم واشتروا به ثمنا قليلا فبئس

ما يشترون ○ لا تحسبن الذين يفرحون بما

اتوا ويحبون ان يحمدوا بما لم يفعلوا فلا تحسبنهم بمفازة من

العذاب ولهم عذاب اليم ○ ولله ملك السموت والارض

والله على كل شيء قدير ○ ان في خلق السموت والارض

واختلاف اليل والنهار لايت لاولي الالباب ○

سورہ آل عمران

# SENATE OF PAKISTAN
## SENATE DEBATES

Monday, July 10, 1989

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

*(Recitation from the Holy Quran)*

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ

وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى

كَثِيْرًا وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا

تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا فَبِئْسَ

مَا يَشْتَرُوْنَ ۝ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ

اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ

الْعَذَابِ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ۝

سورہ آل عمران

شروع کرتا ہوں ساتھ نام اللہ کے، جو بڑا مہربان اور رحم والا ہے

ترجمہ: اے اہل ایمان تمہارے مال و جان میں تمہاری آزمائش کی جائے گی اور تم اہل کتاب سے اور ان لوگوں سے جو مشرک ہیں بہت سی ایذا کی باتیں سنو گے تو اگر صبر اور پرہیزگاری کرتے رہو گے تو یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔ اور جب خدا نے ان لوگوں سے جن کو کتاب عنایت کی گئی تھی اقرار لیا کہ اس میں جو کچھ لکھا ہے اسے صاف صاف بیان کرتے رہنا اور اس کی کسی بات کو نہ چھپانا تو انہوں نے اس کو پس پشت پھینک دیا اور اس کے بدلے تھوڑی سی قیمت حاصل کی یہ جو کچھ حاصل کرتے ہیں برا ہے جو لوگ اپنے ناپسند کاموں سے خوش ہوتے ہیں۔ اور پسندیدہ کام جو کرتے نہیں ان کیلئے چاہتے ہیں کہ ان کی تعریف کی جائے ان کی نسبت خیال نہ کرنا وہ عذاب سے رستگار ہو جائیں گے اور انہیں درد دینے والا عذاب ہوگا اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی خدا ہی کی ہے اور خدا ہر چیز پر قادر ہے بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں عقل والوں کیلئے نشانیاں ہیں۔

**Mr. Chairman:** I believe the honourable Members of the House would today like to discuss the implications of the Zakat and Ushr Ordinance. Am I correctly advised? Then, I think, you will have to move again a motion for suspension of the relevant rules so as to enable you to discuss that matter.

**Mr. Javed Jabbar:** But Mr. Chairman, from my knowledge, you already have a privilege motion pending before the House.

**Mr. Chairman:** They want to take up that by suspending the Question Hour. Malik Sahib, you want to say something.

## FATEHA

**حاجی ملک فرید اللہ خان:** کل سینیٹر عبدالواحد صاحب کی والدہ انتقال کر گئی ہیں ان کے ایصالِ ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی جائے۔

**جناب چیئرمین:** قاضی صاحب آپ دعا فرما دیں گے۔

(قاضی حسین احمد نے دعا مغفرت کی گئی)

## MOTION UNDER RULE 236

**پروفیسر خورشید احمد:** میں رول ۲۳۶ کے تحت ریکوئسٹ کرتا ہوں کہ آج وقفہ سوالات کو معطل کر کے زکواۃ و عشر آرڈیننس کی پریولیج موشن لے لی جائے۔

**Mr. Chairman:** It has been moved under Rule 236 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate, 1988 that:

> "The Question Hour for today may be suspended and answers taken as read and laid on the Table of the House and the Members of this House be permitted to discuss the privilege motion regarding the implications of the Zakat and Ushr Ordinance."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman:** The motion stands adopted. Yes, Ishaq Sahib.

**جناب محمد اسحاق بلوچ:** جو سوالات معطل کیے گئے ہیں ان کا تعلق امین فہیم صاحب سے ہے اس کو ہم دیکھتے نہیں ہیں۔ بڑی خوشی کی بات ہے۔

**Mrs. Shahnaz Wazir Ali:** Sir, I am prepared to answer the question on behalf of Mr. Faheem.

**جناب چیئرمین:** وزیر صاحبہ موجود ہیں لیکن آج ان سوالات کو معطل کر دیا گیا ہے

**جناب محمد اسحاق خان بلوچ:** آج وزیر صاحب ہیں ہم انہیں پہچانتے نہیں ہیں۔

**بیگم شہناز وزیر علی:** میں اپنا تعارف کرا دیتی ہوں اگر ایسی بات ہے۔

**Mr. Chairman:** I think Shahnaz Wazir Ali is now quite well known. She regularly visits this House and I think she is taking a lot of interest in the proceedings of this House and the House is grateful for that.

# QUESTIONS AND ANSWERS

## Baluchistan High Way

21. ***Mr. Muhammad Ishaq Baluch :** Will the Minister for Communications be pleased to state the amount allocated for the maintenance of Baluchistan Highway (Karachi to Quetta) during the years 1988-89 and 1989-90 ?

**Makhdoom Amin Faheem :** The amounts allocated for the maintenance of Baluchistan Highway N-25 during 1988-89 and 1989-90 are as under :—

| | |
|---|---|
| **1988-89** | Rs. 16.22 million |
| **1989-90** | Rs. 52.00 million |

## Recommended Telephone Connections

22. ***Mr. Muhammad Ishaq Baluch :** Will the Minister for Communications be pleased to state the number of telephone applications recommended by Mr. Muhammad Ishaq Baluch Senator during the period September, 1987 to February, 1989, indicating also the names, address and other particulars of the applicants who have been given connections and who have not been given connections on the said recommendations with reasons, if any ?

**Makhdoom Amin Faheem :**

(i) Total recommendation .......... 30

(ii) Total telephone installed .......... 24

(iii) Pending 6. Details giving reasons are placed at the table of the House.

…SENATOR MR. MUHAMMAD ISHAQUE BALUCH (FROM 10-1987 TO 02-1989)

KARACHI TELECOMMUNICATIONS REGION KARACHI

| D.G. T&T No. | Date | Name of Subscriber | Region | Date | Remarks: Telephone No. Installed | Remarks: Reason for not installed |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 25-4-1988 | Muhammad Ishaq | 41/165-A/83 | 4-10-1983 | 414957 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 4-4-1988 | Abdul Aziz Baluch | 43/156/88 | 7-2-1988 | 445304 | |
| PHC : 22-60/87 (KTR) .. | 21-2-1988 | Barkat Ali | 46/47/87 | 6-1-1987 | 466277 | |
| PHC : 22-60/87 (KTR) .. | 27-1-1988 | K. I. Hamid | 54/1057/87 | 20-9-1987 | 545351 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 4-4-1988 | Abdul Ghafoor Baluch. | 70/221/87 | 29-2-1988 | 713465 | |
| PHC : 22-60/87 (KTR) .. | 21-2-1988 | Imam Bux. | 70-3-1988 | 2-1-1988 | 713766 | |
| PHC : 22-60/87 (KTR) .. | 21-2-1988 | Javed Baluch | 70/678/87 | 20-7-1987 | 726786 | |
| PHC : 22-60/87 (KTR) .. | 21-2-1988 | Gul Muhammad | 72/338/86 | 27-2-1987 | 727390 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 4-4-1988 | Maula Bukhsh. | 74/869/87 | 12-10-1987 | 748990 | |
| PHC : 22-60/88 /(KTR) .. | 14-9-1988 | Saeed Muhammad. | 20/83/88 | 6-4-1988 | 205424 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 2-11-1988 | Hafizuddin | 41/2046/86 | 25-9-1986 | 426041 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 14-9-1988 | Ghulam Shabbir Khan Badani | 61/148/79 | 18-1-1979 | 447608 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 3-12-1988 | Muhammad Yasin. | 53/1100/87 | 20-6-1987 | 570380 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 18-9-1988 | Mrs. Amina. | 68/854/87 | 4-5-1987 | 687373 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 14-9-1988 | Khurshid Baluch. | 70/396/88 | 24-4-1988 | 713126 | |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 14-9-1988 | Imam Bux Baluch. | 721315/86 | 16-7-1986 | 728426 | |
| PAC : 1-60/89 (KTR) .. | 11-2-1989 | Abdul Aziz. | 29/273/87 | 4-6-1987 | 445304 | |
| PAC : 1-60/89 (KTR) .. | 18-2-1989 | Rasul Bux. | 31/274/88 | 3-7-1988 | 315553 | |
| PAC : 1-60/89 (KTR) .. | 9-1-1989 | Syed Muhammad Anwar Rizwi | 46/1457/87 | 4-8-1987 | 470870 | |
| PAC : 22-60/89 (KTR) .. | 24-12-1988 | Mst. Shahina Sheikh. | 53/1804/85 | 27-11-1985 | 57372 | |
| PAC : 1-60/89 (KTR) .. | 15-2-1989 | Mrs. Noushaba Firdous. | 68/473/89 | 19-1-1989 | 685949 | |
| PHC : 22-60/87 (KTR) .. | Nil. | Mir Mohammad Ali Rind. | Nil. | Nil. | Nil. | Registration No. not available. |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 14-9-1988 | Dil Muhammad. | 33/312/88 | 29-8-1988 | | Awaited from Division. |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 14-9-1988 | Abdul Rehman Shahmurad. | 41/985/86 | 8-11-1982 | | Primary Cable not available. |
| PHC : 22-60/88 (KTR) .. | 2-11-1988 | M. Aslam Awan. | 48/191/88 | 10-9-1988 | | Not Possible. |
| PAC : 1-60/88 (KTR) .. | 15-1-1989 | Muhammad Farooq Ahmed. | 68/2928/84 | 1-1-1984 | | Under Process. |
| PAC . 22-60/89 (KTR) .. | 26-12-1988 | Muhammad Easa. | 74/1515/88 | 20-12-1988 | | Under Process. |

LAHORE TELECOMMUNICATION REGION LAHORE

| S. No. | Name of Applicant | Registration No. and Date | Remarks | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | |
| 1. | Mr. Nasir Ahmed Shahki. | LHBB-12695 Dated 28-3-1987 | Phone No. 344846 | Installed. |
| 2. | Mr. Zia Ahmed Khan. | GTN-16843 Dated 13-10-1987 | Phone No. 864068 | Installed. |

WESTERN TELECOMMUNICATION REGION QUETTA

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Dr. Masood Ahmed | 36191/188 Dated 28-1-1288 | Phone No. 41788 | In |

## Installation of PCO

23. ***Qazi Abdul Latif :** Will the Minister for Communications be pleased to state whether there is any proposal under consideration of the Government to establish a PCO's in village Trappi, Tehsil and District Mansehra ; if so when ?

**Makhdoom Amin Faheem :** Public Call Office has already been installed.

## Election disputes pending with the E.C.

24. ***Prof. Khurshid Ahmed :** Will the Minister for Parliamentary Affairs be pleased to state the number of election disputes filed before the Election Commission of Pakistan after November, 1988 General Elections to the National Assembly and the steps taken to dispose them of ?

**Khawaja Ahmad Tariq Raheem :** " Election disputes " are mainly classified as complaints of irregularities made before the Election Commission on the eve of the poll and election petitions filed thereafter. Position with regard to both categories of the election disputes is as under :—

(a) In all, complaints of malpractices|illegalities in respect of five constituencies of the National Assembly were filed before the Election Commission under section 103-AA of the Representation of the People Act, 1976. All the complaints were disposed of by the Commission well in timt. No such complaint is pending disposal with the Commission.

(b) Forty-nine election petitions relating to National Assembly constituencies were filed till 29th June, 1989 under section 52 of the Representation of the People Act, 1976. Three election petitions were dismissed by the Chief Election Commissioner under section 56 (1) of the Act and the remaining forty-six election petitions have been referred to various Election Tribunals under section 56 (2) of the Act for disposal.

## Cantonment Educational Institutions

25. **Prof. Khurshid Ahmad :** Will the Minister for Education be pleased to state :

(a) whether it is a fact that the educational institutions situated in the Cantt| Garrison areas were taken over the Army Educational Corps in July, 1977 ;

(b) whether it is also a fact that the expenditure on these institutions is being borne by the Ministry of Education ; and

(c) whether there is any proposal under consideration of the Government to transfer the control of these institutions back to the Ministry of Education if so, when ?

*Reply not received.*

## Telegraph Offices in Distt. Gawadur

26. ***Mr. Muhammad Ishaq Baluch :** Will the Minister for Communications be pleased to state :

(a) the number of Telegraph Offices working in District Gawader alongwith their locations ; and

(b) the number of wireless operators posted in District Gawader, indicating also their names and place of their duty ?

**Makhdoom Amin Faheem :** (a) Four :

(i) Gawader.

(ii) Jewani.

(iii) Pasni.

(iv) Ormara.

(b) Nil.

## M.D. of O.E.C.

27. ***Prof. Khurshid Ahmad :** Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state :

(a) the qualifications|experience of the present incumbent of the post of Managing Director, Overseas Employment Corporation, indicating also his previous appointments grades-wise ; and

(b) the names of the countries to which the present M.D. OEC has visited so far indicating also the duration of each visit separately ?

**Malik Mukhtar Ahmed Awan :** (a) The present incumbent of the post of Managing Director, Overseas Employment Corporation is Senior Cambridge by qualifications and has been associated with business of manpower export since 1976. This is his first appointment.

(b) In his capacity as Managing Director, Overseas Employment Corporation, he has undertaken one tour of Saudi Arabia from 15th May, 1989 to 25th May, 1989.

## Officer grades 17 and above from Baluchistan

28. ***Mr. Abdur Rehman Jamali :** Will the Minister for Labour, Manpower and Overseas Pakistanis be pleased to state the number of officers in grade 17 and

[Mr. Abdur Rehman Jamali]

above working in the Ministry of Labour and Manpower, indicating who have their domicile in Baluchistan indicating district of their domicile separately in each case ?

**Malik Mukhtar Ahmad Awan:** There are 195 Officers in BPS-17 and above in the Ministry of Labour, Manpower and Overseas Pakistanis including its attached offices. Of these, 14 officers have their domicile in Baluchistan. Their districts of domicile are as follows :—

| | |
|---|---|
| Quetta .. .. .. .. .. .. | 11 Officers |
| Kalat .. .. .. .. .. .. | 2 Officers |
| Chagai .. .. .. .. .. .. | 1 Officer |
| Total : | 14 Officers |

## National Highway, Baluchistan

29. ***Mr. Abdur Rehman Jamali:** Will the Minister for Communications be pleased to state whether it is a fact that the work of road construction on the Mangoli section from Dera Allayar to Murad Jamali on the National Highway in Baluchistan has been stopped ; if so its reasons ?

**Makhdoom Amin Faheem:** Yes. The work of road construction on the Mangoli section from Dera Allayar to Murad Jamali was stopped temporarily. It was because of the reason that the Baluchistan Finance Department did not release the full amount of the scheme, placed at their disposal by the Federal Government, to the Communication and Works Department.

## Farm to Market Roads in Jaffarabad and Tambu

30. ***Mr. Abdur Rehman Jamali:** Will the Minister for Local Government and Rural Development be pleased to state the present state of progress on the construction of farm to market roads in the districts of Jaffarabad and Tambu and the time by which these roads will be completed ?

**Syed Faisal Saleh Hayat:** The details of roads to be constructed in Baluchistan province (Districts of Tumboo and Jaffarabad) under ADB assisted farm to market roads project phase-I are as under :—

| District | PC-I Length (KM) | Designed Length (KM) |
|---|---|---|
| Nasirabad (Tumboo and Jaffarabad) | 85 | *77.20 |

*These 77.20 kms of roads are further divided into priority packages as given under:—

1st Priority package of roads=48.08 Kms.

2nd priority package of roads=29.12 Kms.

Out of 85 Kms. of roads as per PC-I, all the formalities like pre-qualification of contractors, survey, preparation of drawings and tender documents etc. of 77.20 Kms. have been completed. Notices for Invitation of Tenders (NIT) of four roads having length 48.08 Kms. (1st priority package of roads) were issued by the Communication and Works Department on 5th September, 1988 and the bids were opened on 12th October, 1988. In accordance with the ADB laid down procedure, consultants prepared the Bid Evaluation Report. The quoted rates of the lowest bidder were very high as compared to the rates received from other provinces. Communication and Works Department carried out negotiations with lowest bidder accordingly. Bid Evaluation Report and the recommendations of C & W Department were sent to Asian Development Bank for approval on 31st January, 1989. Asian Development Bank accorded their approval for these negotiated bid prices on 22nd February, 1989. Provincial C & W Department was conveyed the approval of the ADB and was asked to award the contracts for the subjects roads to the lowest bidder on 20th March, 1989. The tenders of 2nd priority roads *i.e.* 29.12 Kms. will be called in the 3rd week of this month [illegible] is necessary that before calling these tenders, it is to be ensure that the wo[illegible] the 1st priority package roads has started. The completion period of these [illegible] is December, 1990.

## Post Office Bu[illegible]ng

31. ***Mr. Saleem Saifullah Khan:** Will the Minister for Communications be pleased to refer to Senate Starred Question No. 12 replied on 17-1-1989 and state the time by which the possession of the post office building will be taken over by the Post Office Department?

**Makhdoom Amin Faheem:** It was promised by CDA authorities to hand over the constructed Post Office building in Sector G-6|4, Islamabad within 30 days after payment of additional funds. The balance payment has been made to CDA on 1st April, 1989 but possession has not yet been given to the Department for which efforts are being made for early transfer of the building to the Department.

## Karachi Shipyard and Engineering Works

32. ***Mr. Muhammad Tariq Chaudhry:** Will the Minister for Communications be pleased to state the total number of employees working in the Karachi Shipyard and Engineering Works indicating also the percentage of employees from each Province at different levels?

**Makhdoom Amin Faheem:** The total number of employees working in Karachi Shipyard and Engineering Works Ltd., indicating Provincial|Regional representation and its percentage at different level is indicated as Annex-A.

Annexure-A

## STATEMENT SHOWING PROVINCIAL/REGIONAL REPRESENTATION OF EMPLOYMENT IN KSEW

| Pay Scale | No. of Sanctioned Posts. | Provincial/Regional Representation Therein | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | Merit | Punjab | Sind (U) | Sind (R) | N.W.F.P. | Baluchistan | NA/FATA | A.K. |
| **Officers** | | | | | | | | | |
| M-III Rs. 5200—325—7800 .. | 2 | — | — | 1 | — | 1 | — | — | — |
| E-V Rs. 4500—260—7180 .. | 16 | — | 2 | 13 | 1 | — | — | — | — |
| E-IV Rs. 3675—215—5825 .. | 26 | — | 7 | 12 | 5 | 1 | — | — | — |
| E-III Rs. 3030—195—4980 .. | 56 | — | 5 | 39 | 5 | 1 | 1 | — | — |
| E-II Rs. 2385—155—3935 .. | 101 | — | 10 | 78 | 8 | 5 | 1 | 1 | — |
| E-I Rs. 1870—130—3170 .. | 29 | — | 6 | 20 | — | 4 | — | 1 | — |
| Total .. | 230 | — | 30 | 163 | 19 | 13 | 3 | 2 | — |
| **Supervisors** | | | | | | | | | |
| S-I Rs. 1195—75—1945 .. | 233 | — | 49 | 154 | 5 | 24 | 1 | — | — |
| S-II Rs. 1645—85—2495 .. | 69 | — | 11 | 57 | — | 1 | — | — | — |
| S-III Rs. 2030—95—2980 .. | 49 | — | 10 | 38 | 1 | — | — | — | — |
| Total .. | 351 | — | 70 | 249 | 6 | 25 | 1 | — | — |
| **Workers** | | | | | | | | | |
| Approximately .. .. | 3349 | — | 1000 | 1204 | 294 | 708 | 5 | 62 | 76 |
| Total .. | 3930 | — | 1100 | 1616 | 319 | 746 | 9 | 64 | 76 |
| Percentage | | | 27.99% | 41.12% | 8.12% | 18.98% | 0.23% | 1.63% | 1.93% |

ISLAMABAD :
*The 9th July, 1989.*

AZIZ AHMED QURESHI.
**Secretary.**

PCPPI—870 Senate—9-7-89—225.

LEAVE OF ABSENCE

**جناب چیئرمین:** صاحبزادہ الیاس صاحب نے اپنی اہلیہ کی بیماری کی بنا پر ایوان سے ۸ اور ۹ جولائی کے لیئے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

## PRIVILIGE MOTION

**Mr. Chairman:** Now we take up the privilege motion. There are privilege motions No. 9, 11, 15 and 16 moved by honourable Senators i.e., Mr. Ahmed Mian Soomro and Qazi Abdul Latif, Mr. Muhammad Tariq Chaudhry and Syed Faseih Iqbal, Professor Khurshid Ahmed, Maulana Sami-ul-Haq. Would you (Mr. Ahmed Mian Soomro) kindly take you privilege motion?

### (i) Re: PASSAGE OF FINANCE ACT 1989 BY THE NATIONAL ASSEMBLY

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Thank you Sir. I ask for leave to make a motion of breach of privilege of the Senate of Pakistan occasioned by the passage of Finance Act 1989 by the National Assembly of Pakistan in so far as it seeks to amend the Zakat and Ushr Ordinance by Clause 9 of the said Act (Finance Act 1989). This has been done deliberately so as to exclude the Senate from discussion and giving its decision in respect of the said Act. This constitutes a breach of privilege of the Senate of Pakistan.

**جناب چیئرمین:** قاضی عبداللطیف صاحب موجود نہیں ہیں - طارق چوہدری صاحب۔

**جناب محمد طارق چوہدری:** میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ زکوٰۃ و عشر آرڈی نینس جو کہ ایکٹ آف پارلیمنٹ تصور ہوتا ہے اس میں غیر معمولی طریقے سے ترمیم کرنے کی کوشش کی گئی ہے کسی ایکٹ میں ترمیم کا واضح طریقہ کار آئین میں موجود ہے جس کے ذریعے ترمیم عمل میں لائی جاتی ہے ایکٹ آف پارلیمنٹ میں ترمیم کیلئے مسودہ قانون دونوں ایوانوں سے پاس ہونا ضروری ہے لیکن حکومت نے سینیٹ کو نظر انداز کرکے ایکٹ میں غیر آئینی غیر قانونی طریقہ اختیار کرتے ہوئے ترمیم کی ہے اور سینیٹ کے ممبران کو اس بر

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

رائے کا اظہار اور ووٹ دینے کے حق سے محروم رکھا ہے جس سے اس ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے لہذا میں تحریک کرتا ہوں کہ اس معاملہ پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین: جناب فصیح اقبال صاحب آپ تائید کرتے ہیں۔

سید فصیح اقبال: میں تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جناب پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: میری تحریک استحقاق کا متن یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

I beg to seek the leave of the House to move the following privilege motion.

The privilege of the Senate has been violated by the Finance Bill by incorporating in it an amendment in the Zakat & Ushr Ordinance resulting in bringing the Zakat Administration under the Ministry of Finance. Any amendment of the Zakat and Ushr Ordinance must be made through a regular piece of legislation which is to be adopted by the National Assembly and the Senate both, while resort has been made to amend through Finance Act, which is an attempt to scuttle the Senate from the process through an abuse of the Finance Bill. I, therefore, beg to move that this violation of the privilege of the Senate be discussed and the matter referred to the Privileges Committee for appropriate action.

جناب چیئرمین: جناب مولانا سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم - جناب چیئرمین! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ سینیٹ کے استحقاق سے متعلق حسب ذیل معاملہ زیر غور لانے کیلئے اجلاس کی دیگر کارروائی ملتوی کی جائے اور اس مسئلے کو زیر بحث لایا جائے کہ قومی اسمبلی کے حالیہ بجٹ اجلاس میں وفاقی حکومت نے زکوٰۃ و عشر آرڈیننس میں ترمیم کر کے اسے منی بل میں شامل کیا اور اب حکومت نے ان ترامیم پر فوری عمل درآمد شروع کرنے کا فیصلہ کر کے تمام اقدامات کرنے شروع کر دیئے ہیں اس طرح ملک کے اعلیٰ ترین ادارے سینیٹ کو یکسر نظر انداز کر دیا گیا ہے سینیٹ کو بائی پاس کر کے قانون سازی کرنا صریحاً سینیٹ کے حق قانون سازی کو پامال کرنا ہے جو آئین کی بھی صریحاً خلاف ورزی ہے انہیں ترامیم کا سہارا لے کر وفاقی حکومت صوبوں میں مداخلت کر کے زکوٰۃ و عشر کا انتظام اپنی تحویل میں لے رہی ہے صوبوں کے حقوق اور دائرہ اختیارات کا تحفظ بھی.

سینیٹ کا فریضہ ہے اس لیے سینیٹ کے استحقاق کو مجروح کر دینے کا یہ مسئلہ فوری طور پر زیر بحث لایا جائے۔

**Mr. Chairman:** Is it being opposed Mr. Javed Jabbar ?

**Mr. Javed Jabbar:** Opposed.

**Mr. Chairman:** Mr. Ahmed Mian Soomro, would you like to make a statement on this ?

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Thank you Sir. My respectful submission is that Zakar & Ushr Ordinance 1980, was enacted as an Ordinance and later on under the Eighth Amdnement of the Constitution these all became laws. Now, the question here is whether any amendment in the said Ordinance could be made by bypassing the Senate. It is an established fact that the Government unduly is shy of bringing things to the Senate although the Senate has proved its independence before this by passing three of the Bills within a couple of minutes and I think they are not justified in being unduly shy. Sir, they have attempted to make this a part of the Finance Bill to achieve this objective.

Now, Sir, they have relied on Article 73 of the Constitution to try and bring it in the purview of Article 73. But if we look to the different clauses of Article 73 by no stretch of imagination could it be brought in its purview. For this, I would read out the relevant provision of Sub-Article (2) of Article 73 :

"(2) For the purposes of this Chapter, a Bill or amendment shall be deemed to be a Money Bill if it contains provisions dealing with all or any of the following matters, namely:-

(a) the imposition, abolition, remission, alteration or regulation of any tax ;

(b) the borrowing of money, or the giving of any guarantee by the Federal Government, or the amendment of the law relating to the financial obligations of that Government;

(c) the custody of the Federal Consolidated Fund, the payment of moneys into or the issue of moneys from that Fund;

(d) the imposition of a charge upon the Federal Consolidated Fund or the abolition or alteration of any such charge;

(e) the receipt of moneys on account of the Public Ac-

[Mr. Ahmed Mian Soomro]

counts of the Federation, the custody or issue of such moneys;

(f) the audit of the accounts of the Federal Government or a Provincial Government; and

(g) any matter incidental to any of the matters specified in the preceding paragraphs".

"(3) A Bill shall not be deemed to be a Money Bill by reason only that it provides :-

(a) for the imposition or alteration of any fine or other pecuniary penalty, or for the demand or payment of a licence fee or a fee or charge for any service rendered; or

(b) for the imposition, abolition, remission, alteration or regulation of any tax by any local authority or body for local purposes".

Now, Sir, first of all under Sub-Article (3), imposition, abolition, remission, alteration or regulation of any tax by any local authority or body for local purposes, first of all one of my contentions is that the Zakat Council is a body and therefore that would be excluded under Sub-Article (3) but if they try by any stretch of imagination to bring it, under Sub-Article (2) the question of Federal Consolidated Fund ......

**Mr. Chairman:** But Sub-Article (3) says :

"A Bill shall not be deemed to be a Money Bill by reason only that it provides :

(b) for the imposition, abolition, remission, alteration or regulation of any tax by any local authority or body for local pruposes".

Now, please check up whether this tax is imposed by that local body or is it imposed by the Federal Government?

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** By Shariah.

**Mr. Chairman:** So, if the tax is imposed by the Federal Government, you see, there may be a tax where you authorize the local body to impose the tax. For example, the District Council can impose the tax.

Yes, please Gen. Saeed Qadir on a point of order.

**Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir:** Sir, I object to the word of tax being used in case of Zakat. It is not the tax and it is a very important issue.

**Mr. Chairman:** Points of order should not be used to interrupt a speaker. You will get your turn. But I just want to draw the attention of Mr. Ahmed Mian Soomro to this because he referred to the Zakat body, being a body, that is correct, but the tax is not levied by the body itself. The body may administer the tax or it may not be a tax we will have to come to that also. It is a very crucial point. But I think, the tax or whatever you might call it, this levy is imposed by the Federal Government although may be administered by some other agency.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** My submission is that it is not levied by the Federal Government because if it was levied by the Federal Government then it could be altered by them and changed by them. Zakat is fixed 2-1/2% under Shariah, the Government has no authority to change that. This is my submission as far as that is concerned.

**Mr. Chairman:** I suppose, you are also taking up the point which Gen. Sahib has mentioned that this is not a tax.

*(Interruption)*

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Let me see, what is the objection of the honourable Minister ?

**Mr. Chairman:** So, you are saying it is, 2-1/2% imposed under the Shariah.

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Nobody can change it. Then, in case they take the cover of Federal Consolidated Fund I would respectfully draw your attention to Article 78. Article 78:

> "(1) All revenues received by the Federal Government, all loans raised by that Government, and all moneys received by it in repayment of any loan, shall form part of the Consolidated Fund, to be known as the Federal Consolidated Fund".

Now, Sir, this is not a revenue of the Government. Levy of Zakat is not a Government revenue. It cannot be used by the Government because Government Consolidated Fund can be used for such purposes as the Government may deem fit, in accordance with law.

**Mr. Chairman:** How would you define revenue ?

16

**Mr. Ahmed Mian Soomro:** Revenue means some income to the authority concerned to be utilized by them in any manner that they like. Zakat is a levy under Shariah. It is not the revenue which the Government can use in any matter. For example, Ushr is to be utilized there where it is collected and cannot be used for any other purpose, by the Government. Therefore, my submission is that it would not come under Article 78. Therefore, it is not a Money Bill as contemplated under Article 73 where the Senate could be excluded.

Now Sir, by clause (9) of the Finance Bill, 1989, which says:

"The following amendments shall be made in the Zakat and Ushr Ordinance."

Now, itself it says ;

"It seeks to amend the Zakat and Ushr Ordinance".

It is not levying any tax or changing any tax or anything. Amendment to any Act must pass through both the Houses except a Money Bill. In Clause (9) of the Bill itself the heading says:

"The following amendments shall be made in the Zakat and Ushr Ordinance".

Sir, by merely bring it in this Bill tomorrow will they seek to amend the Criminal Procedure Code, will they seek to amend the Pakistan Penal Code, will they even try to seek amendments in the Constitution just by putting it in the Finance Bill? This is a very wrong approach, and this is an undue encorachment on the rights and privileges of the Senate whereby every Act other than a Money Bill which imposes taxes or alters taxes can be passed by the National Assembly without being passed by the Senate. Therefore, *prima facie*, Sir, I respectfully submit that this inclusion of clause (9) is an absolute breach and an encroachment on the privilege of the Senate to approve, disapprove or amend any Bill passed by the National Assembly other than a Money Bill. It is of recent occurrence, Sir, and, therefore, is in order. I would request you to refer the matter to the Committee on Privileges.

Thank you, Sir.

جناب چیئرمین : جناب قاضی عبداللطیف صاحب! ہم آپ سے یہ سننا چاہیں گے کہ زکواۃ وغیرہ کی شریعت کے مطابق نوعیت کیا ہے؟ کیا اسکو ٹھکیس تصور کیا جاتا ہے یا نہیں؟ دوسرا یہ کہ کیا اس کے اصراف پر شریعت کے مطابق کوئی پابندیاں ہیں یا حکومت وقت جس مقصد کے لیے چاہے اُس کو استعمال کر سکتی ہے؟ شریعت کی روشنی میں اس کی نوعیت کیا ہے کیا اس کو ہم ٹھکیس کہیں گے؟ اسلام میں ٹھکیس کیا ہے اور اسکو کیا کہتے ہیں اور اس کے اصراف پر اسلام اور شریعت کے مطابق کیا پابندیاں ہیں؟ اس پر آپ روشنی ڈالیں تو مہربانی ہوگی۔

قاضی عبداللطیف : آپ نے اس وقت فرمایا اصراف کا، اس سے شاید اپکی امداد مصرف ہوگا۔

جناب چیئرمین : جی ہاں مصرف۔ آپ نے مجھے کہا ہے کہ اردو بولا کریں۔ جب غلطی کرتا ہوں تو ٹوک دیتے ہیں۔

قاضی عبداللطیف : نہیں میں پوچھ رہا تھا کہ دونوں میں بڑا فرق ہو جاتا ہے۔ جناب والا! زکواۃ عبادات میں سے اہم ترین عبادت ہے جہاں کہیں...

ملک مختار احمد اعوان : پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ زکواۃ میں اہل تشیع اپنا مسلک رکھتے ہیں....

جناب چیئرمین : جی جب آپ کی باری آئیگی تو آپ اپنی بات کہہ سکتے ہیں۔

Mukhtar Sahib please refer to Rule 216 which says:

"A point of order shall not be used to ask for information, to explain your position, to simply interrupt another speaker or to raise a question which is purely hypothetical.

آپ اپنا نقطہِ اگر بیان کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو تقریر کا موقع ملے گا۔ بڑی تفصیل سے بیان کریں۔

ملک مختار احمد اعوان : جناب میں پوائنٹ آف انفارمیشن پر عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین : کسی پوائنٹ آف انفارمیشن کی اس وقت اجازت نہیں دی جاسکتی۔ جی جناب۔ قاضی صاحب۔

قاضی عبداللطیف : جی میں گزارش کر رہا تھا۔ کہ زکواۃ عبادات میں سے اہم ترین عبادت ہے قرآن کریم میں آپ اکثر مقامات پر دیکھیں گے کہ جہاں نماز کا تذکرہ آتا ہے وہاں اسکے ساتھ

[Qazi Abdul Latif]

زکواۃ کا تذکرہ بھی آتا ہے عام طور سے دونوں کو اکھٹے ہی لیا گیا ہے۔ تصور یہ ہے کہ ایک طرف سے عبادت بدنی اور دوسری جانب سے عبادت مالی اور اسلیئے اسکے متعلق مقدار متعین کردی گئی ہے اقسام کے لحاظ سے بھی کہ سونے چاندی پر زکواۃ کتنی ہے اور دوسرے اموال پر زکواۃ کتنی ہے۔ حیوانات وغیرہ پر زکواۃ کتنی ہے۔ زمین کی زکواۃ کو نام دیا جاتا ہے عُشر کا، اگرچہ بعض صورتوں میں وہ زمین کی نوعیت کے لحاظ سے دسواں حصّہ وصول کیا جاتا ہے اور بعض اقسام وہ ہیں کہ جہاں سے بلیسواں حصہ وصول کیا جاتا ہے مویشیوں کے بارے میں بھی نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تفصیل بیان فرمائی ہے کہ اونٹوں، گائے، بکریوں وغیرہ کی کتنی تعداد پر ہے۔ اور پھر اسکی نوعیت بھی بتلائی ہے اگر وہ صرف اپنی ضروریات ہی کیلئے ہیں تو ان پر زکواۃ نہیں ہوگی لیکن وہ جن کی عام طور سے چرائی جنگلوں میں ہوتی ہے اور انہیں صرف افزائشِ نسل کیلئے پالا جاتا ہے تو ان پر زکواۃ فرض ہے۔ لیکن اس کے متعلّق وصولی کی مقدار اور نصاب بھی متعیّن ہے۔ یہ قرآن اور حدیث سے مکمل طریقے سے ثابت ہے۔ اور اسی طریقے سے قرآن کریم نے اُس کا مصرف بھی بیان فرمایا ہے کہ اسکو کہاں کہاں خرچ کیا جاتا ہے ان مصارف کے علاوہ اسکو کہیں خرچ نہیں کیا جا سکتا۔ اسلئے میں کہتا ہوں کہ زکواۃ وعشر وغیرہ کا تعلق اقتصادیات سے نہیں ہے۔ اقتصادیات ہمارا علیحدہ شعبہ ہے اس کا تعلق صرف اور صرف اس بنیاد پر ہے کہ جو لوگ حادثاتی طور پر اتفاقیہ طور پر معاشرے میں گِر جاتے ہیں چاہے وہ معذور ہوں چاہے اِنکے اسباب رزق تلف ہو چکے ہوں۔ انہی پر زکواۃ کو خرچ کیا جاسکتا ہے ان کے ماسوا کسی پر خرچ نہیں کی جا سکتی۔ چونکہ اس کا فلسفہ یہ ہے کہ انہی کے اموال سے لے کر انہی کے غرباء پر خرچ کرو۔ اور پھر غرباء کی اقسام بھی متعیّن کردی گئی ہیں۔ اور اسے انہی اقسام پر خرچ کیا جا سکتا ہے۔ اس لیئے اس کے اندر یہ ضرورت قرار دیا گیا ہے کہ ان کو مالک بنا دیا جائے تاکہ ان کے اندر یہ نہ ہو کہ ہم اسے مفادِ عامہ کیلئے خرچ کر رہے ہیں ہم اسے مسجد کے اندر خرچ کر رہے ہیں اس لیئے جو فلسفہ تھا کہ جو لوگ اتفاقی اور حادثاتی طور پر معاشرے کے اندر گر گئے ان کو اٹھانا مقصد تھا۔ اور ان کی ضروریات کو پورا کرنا مقصد تھا لہٰذا اس بنیاد پر اس کی وصولی اور مقدار کو متعیّن کر دیا گیا ہے اور یہ بھی متعیّن کر دیا گیا ہے کہ کن لوگوں سے کس مقدار اور نصاب سے وصول کی جائے گی۔ اسی مقررہ نصاب کے تحت وصول کی جاتی ہے برخلاف ٹیکس

کے، ٹیکس ایک ایسی چیز ہے کہ حکومت اپنا نظام حکومت چلانے کیلئے یا فوج کے اخراجات پورا کرنے کیلئے اپنی ضرورت کے مطابق ٹیکس لگا سکتی ہے۔ اسکو مثال کے طور پر یوں سمجھئے کہ جس طریقے سے حدود تعزیرات کیلئے، سزا دینے کیلئے، حدود متعین ہیں لیکن تعزیرات کا تعین نہیں ہے اس لیے تعزیر کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ معاشرے کی اصلاح کیلئے ارباب اقتدار اور وہ لوگ جو نظام چلانے والے ہیں جسے ہم اولی الامر کہتے ہیں وہ ممنوعات، مشروعات اور اوامر کا، ماموراِت کا تعین کریں گے اب یہ نظام چلانے کے لیئے جو آپ نے ماموراِت رکھے ہیں ان لوگوں کیلئے ضروری ہے کہ ان چیزوں پر عمل کریں۔ اگر ان پر وہ عمل نہیں کریں گے تو ان کو سزا دی جا سکتی ہے اور سزا کا تعین کرنا حکومت کا کام ہے اور یہی وہ چیز ہے جو اسمبلیوں کے اختیار میں آ جاتی ہے کہ وہ معاشرے کو دیکھتے ہوئے ان سزاؤں کا تعین کریں تاکہ ایک جانب یعنی حکومت کی جانب سے زیادتی نہ ہو اور دوسری جانب سے یہ ہے کہ بلاوجہ کسی کو رعایت بھی نہ دی جائے تعزیرات میں حکومت اپنا اپنا نظام چلانے ممنوعات، ماموراِت مشروعات کا تعین کر دیتی ہے اور اسی تعین کی بنیاد پر ان کے لیئے سزائیں متعین کی جاتی ہیں۔ اب سزاؤں کے اندر یہ عدالت کو اختیار ہوتا ہے یہ سزائیں دس سے پندرہ تک، پندرہ سے بیس تک، جتنے دن، مہینے یا سال چاہئیں دے سکتی ہے۔ اب تعزیرات کے اندر یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ موت تک نہیں جا سکتی، تعزیر موت تک کی بھی دی جا سکتی ہے اس اس کی مثالیں میں اس وقت نہیں دینا چاہتا۔ بہرحال تعزیرات وہی ہیں جو حکومت کے اختیار میں ہوتی ہیں۔

اسی طریقے سے یہاں پر بھی یہ چیز ہے کہ ٹیکس وہ ہوتا ہے جو حکومت مفادِ عامہ کیلئے لوگوں سے وصول کرے اور مفادِ عامہ کیلئے رفاہ عامہ کیلئے جہاں چاہے خرچ کرے مثلاً سڑکیں بنانی ہیں کنوئیں کھودنے ہیں، ہسپتال بنانے ہیں۔ انکی تعمیرات کرنی ہیں۔ لیکن جہاں تک زکوٰۃ کا تعلق ہے وہ ان کے حوالے کر دی جائے گی وہ ان کے مالک بن جائیں گے تاکہ وہ اُن کے فلسفے اور مدعا کے مطابق یعنی معاشرے کے اندر جو لوگ اتفاقی طور پر گر گئے ہیں اُن کو اٹھانا ہے ان کی دستگیری کرنی ہے تاکہ وہ کسی کے دستِ نگر نہ ہوں۔ اور وہ کسی سے سوال نہ

[Qazi Abdul Latif]

کریں اور مستحبات میں سے یہ ہے کہ جس علاقے سے وصول کی جائے انہی کے غرباء میں وہ تقسیم کی جائے اگرچہ جائز تو یہ ہے کہ اس سے زیادہ احتیاج والے اگر دوسرے علاقے میں ہوں ان کو بھی دی جا سکتی ہے لیکن بہتر، مستحسن اور مستحب یہ ہے کہ جس علاقے سے وصول کی جاتی ہے اسی علاقے کے غرباء میں تقسیم کی جائے۔ بخلاف اس کے کہ اگر دوسرے علاقے والے زیادہ محتاج ہوں اور ان کو زیادہ ضرورت ہو تو وہاں بھی دی جا سکتی ہے۔ اور ان کو پھر اس بنیاد پر ترجیح بھی دی جا سکتی ہے۔ بہذا میں یہ گزارش کروں گا کہ زکوٰۃ میں حکومت کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ اسے جس طرح چاہے استعمال کرے جس کو ہم رفاہ عامہ کہتے ہیں یا اس میں ہم یہ کہتے ہیں کہ چاہے ملکیت نہ بھی ہو۔ اسی وجہ سے ..۱۴ سال سے یہ فیصلہ تقریباً اجماعی چلا آ رہا ہے کہ مساجد میں، کفن دفن میں اسے خرچ نہیں کیا جا سکتا۔ اب کفن ضروریات میں سے ہے لیکن چونکہ مردہ مالک نہیں بن سکتا بہذا اس کو نہیں دی جا سکتی۔ البتہ اس کے وارث کی تملیک کر کے اور وہ وارث اس کا اگر اس کا مستحق ہے تو وہ اس کا کفن لے کر اسے دے سکتا ہے اسی طرح اگر آپ کسی کو مالک بنا دیں اور وہ مسجد پر خرچ کرنا چاہے (اپنی ملکیت سے) تو وہ کر سکتا ہے۔ اس کا مدعا اور مقصد یہی ہے تاکہ اس کے اندر چور دروازے نہ کھولے جائیں اور یہ نہ ہو کہ یہ ہم مفاد عامہ پر خرچ کر رہے ہیں، اسی بنیاد پر ان دونوں میں بہت فرق ہو جاتا ہے کہ زکوٰۃ کی مقدار اور جس سے وصول کی جائے سب کا تعین ہو چکا ہے اور جہاں مصرف ہو سکتا ہے وہ بھی متعین ہو چکا ہے بخلاف ٹیکس کے کہ وہاں پر یہ سب کچھ ضروری نہیں ہے اگر میں ہزار روپے کا مالک ہوں تو مجھ سے وصول کیا جائے گا اگر ہزار روپے کا مالک نہیں ہوں تو وصول نہیں کیا جائے گا اس لیے کہ وہاں مدعا ہوتا ہے ضروریات مملکت کا اور ضروریات قومی کا اور ضروریات ملک کا اور اسی بنیاد پر خصوصیت سے فوجوں کیلئے وہ چیز وصول کی جا سکتی ہے فوجوں کے اخراجات کیلئے یہ ذمہ داری ہوتی ہے۔ کہ یا تو رضاکارانہ طور پر وہ فوج میں آ کر بھرتی ہوں اور ساری قوم کہے کہ یہ ہماری ذمہ داری ہے اور ہم رضاکارانہ طور پر فوجی خدمات انجام دیں گے لیکن پھر اس کیلئے اسلحہ وغیرہ چاہیئے ہوگا۔ اسلحہ وغیرہ خرید کر اس کی ملکیت بنا سکتے ہیں اس کو ملک بنا سکتے ہیں اسی طرح ان کی آمد و رفت کیلئے جو چیز ہو گی اس پر بھی ہم اس کو خرچ کر سکتے ہیں۔ لیکن ان کو ملک بنا کر۔ تو یہ ہے فرق اس کا یعنی زکوٰۃ اور عشر کے درمیان اور ٹیکس اور عشر کے درمیان۔

جناب چیئرمین: تو آپ کا مدعا یہ ہے کہ یہ ٹیکس نہیں بنتا ہذا یہ جو سومرو صاحب نے کہا ہے کہ چونکہ یہ ٹیکس ہی نہیں ہے لہذا یہ Federal Consolidated Fund میں شامل نہیں ہوگا اس لئے یہ منی بل نہیں بن سکتا۔

قاضی عبداللطیف: بالکل۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ جی جناب طارق چوہدری صاحب۔

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! ہم آج ایک بہت ہی اہم مسئلے پر بحث کر رہے ہیں۔ مجھ سے پہلے جناب احمد میاں سومرو صاحب نے technically اس issue کو بہت اچھے طریقے سے پیش کیا ہے۔ اور اس کا مذہبی نقطۂ نظر جناب قاضی عبداللطیف صاحب نے آپ کے سامنے رکھا ہے مجھے بہت ہی مختصراً اس کے بارے میں کہنا ہے۔ کیونکہ تفصیل سے اس پر جناب پروفیسر خورشید صاحب اظہارِ خیال کرنے والے ہیں۔ زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس ۱۹۸۰ء میں نافذ ہوا جب کوئی پارلیمنٹ موجود نہیں تھی کوئی اسمبلی موجود نہیں تھی۔ اور یہ آرڈیننس ...

**Mr. Chairman:** Mukhtar Sahib, please sit down because after hearing the movers I would like to hear you on this Ordinance.

جناب محمد طارق چوہدری: یہ آرڈیننس آٹھویں ترمیم میں جگہ پاکر ایکٹ آف پارلیمنٹ بنا۔ جناب چیئرمین! ہمارا مدعا سینیٹ کیلئے مزید اختیارات حاصل کرنا نہیں ہے۔ اپنے اختیارات کی حدود کو بڑھانا نہیں ہے بلکہ ہم صرف یہ چاہتے ہیں کہ جو کچھ سینیٹ کے پاس ہے اور جو کچھ سینیٹ کا اختیار ہے وہ اس کے پاس رہنے دیا جائے اور سینیٹ کو پی پی پی کی حکومت enemy territory تصور نہ کرے اور enemy territory تصور کرتے ہوئے وہ خفیہ راستوں کو تلاش نہ کرے بلکہ بہت سیدھے طریقے سے جو کچھ جس طرح ہونا چاہیئے اسی طرح وہ آئے اور قانون سازی صحیح طریقے سے کرے۔ اس آئین کے مطابق منی بل جو ہے وہ صرف نیشنل اسمبلی کا مسئلہ ہے وہ قومی اسمبلی میں پیش ہوتا ہے اور قومی اسمبلی سے پاس ہو جانے کے بعد صدر کی منظوری سے وہ لاگو ہو جاتا ہے۔ لیکن کوئی بھی دوسرا قانون منی بل کے علاوہ کوئی بھی دوسرا ایکٹ، ایکٹ آف پارلیمنٹ ہوگا۔ اور ایکٹ آف پارلیمنٹ کیا ہے؟ اس آئین کے چیپٹر ۳ آرٹیکل ۵۰ میں اس کی وضاحت کر دی گئی ہے کہ

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

پارلیمنٹ مجلس شوریٰ ، نیشنل اسمبلی، سینیٹ اور صدر ان تینوں کو اگر ہم یکجا کر دیں تو یہ پارلیمنٹ بن جاتی ہے۔ اب اسی آئین میں منی بل کی بھی وضاحت کی گئی ہے اور اسی آئین میں قانون سازی کا طریقہ بھی بتایا گیا ہے اور اس آئین میں ترمیم کا طریقہ بھی صراحت اور وضاحت کے ساتھ درج کر دیا گیا ہے اور جب تک یہ آئین موجود ہے ہم مجبور ہیں اور پابند ہیں اس پر عمل کرنے کے۔ منی بل لازمی طور پر منی بل کے طریقے سے لیا جائے گا۔ لیکن ایکٹ آف پارلیمنٹ، پارلیمنٹ کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اور پارلیمنٹ دونوں ایوانوں پر مشتمل ہے۔

**جناب چیئرمین:** یہ صحیح نہیں ہے۔ اگر آپ آرٹیکل ۲۶۰ دیکھیں۔ وہاں پر ایکٹ آف پارلیمنٹ کی ڈیفینیشن دی گئی ہے۔ وہاں پر لکھا ہوا ہے۔

"Act of Majlis-e-Shoora (Parliament)" means an Act passed by Majlis-e-Shoora (Parliament) or the National Assembly and assented to, or deemed to have been assented to, by the President;

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر منی بل ہے assuming کہ ایک Money Bill ہے۔ اور اسے صدر نے منظور کر لیا ہے تو آرٹیکل ۲۶۰ کی رو سے وہ بھی ایکٹ آف پارلیمنٹ سمجھا جائے گا یعنی فنانس ایکٹ جو ہے وہ بھی ایکٹ آف پارلیمنٹ ہوگا

Although it has only been passed by the National Assembly and assented to, by the President. Under Article 260.

تو بنیادی چیز یہ ہے کہ یہ منی بل ہے یا نہیں۔

**جناب محمد طارق چوہدری:** بشرطیکہ وہ منی بل ہو۔ اگر وہ منی بل ہو لیکن میں آپ سے اور حکومت سے ایک مختصر سا سوال کرتا ہوں کہ کیا زکوٰۃ اور عشر آرڈیننس اس وقت ایکٹ آف پارلیمنٹ ہے۔ اگر یہ ایکٹ آف پارلیمنٹ ہے تو اس کو منی بل کی کلاز ۹ میں ڈال کر محض یہ کہہ دینا کہ اس میں ترمیم کر دی جائے کیا اس سے اس میں ترمیم ہو جائے گی؟ آرٹیکل ۷۳ (۲) میں منی بل کی وضاحت کر دی گئی ہے اور آرٹیکل ۷۳ (۴)، جب یہ سوال نیشنل اسمبلی میں اٹھا تو اس وقت آرٹیکل ۷۳ (۴) کا سہارا لیا گیا کہ آرٹیکل ۷۳ (۴) کے مطابق جب سپیکر یہ فیصلہ کر دے کہ یہ چیز منی بل ہے تو اس کو منی بل consider کر لیا جائے گا۔

**جناب چیئرمین:** نہیں consider نہیں یہاں لفظ ہے کہ وہ final ہوگا اور یہ بھی اہم سوال ہے میرا خیال ہے پروفیسر صاحب بھی اس پر اظہار خیال کریں گے کہ جب ایک چیز آئین کی رو سے final قرار دی جاتی ہے تو کیا ہمیں یہ اختیار ہے کہ سینیٹ میں ہم کہیں کہ نہیں یہ Money Bill نہیں ہے Article 73(4) کہتا ہے

"If any question arises whether a Bill is a Money Bill or not, the decision of the Speaker of the National Assembly thereon shall be final."

final کا مطلب یہ ہے کہ as far as the Constitution is concerned اس کو حتمی قرار دے دیا گیا ہے کیا سینیٹ میں ہمیں اختیار ہے کہ ہم ایسی چیز کو جس کو سپیکر نے آئین کے مطابق final قرار دے دیا ہے اس کو ہم کہیں کہ final نہیں ہے ہمارے خیال میں یہ Money Bill بنتا ہے۔

**جناب محمد طارق چوہدری:** جناب والا! جس وقت یہ مسئلہ قومی اسمبلی کے اندر متنازعہ ہو اس وقت سپیکر کا حکم اس کا فیصلہ کہہ دیتا ہے لیکن یہاں پر ہم اس بات کو چیلنج کر رہے ہیں کہ یہ مسئلہ محض اسمبلی کے اندر متنازعہ نہیں ہے بلکہ اس کو ہم سینیٹ میں چیلنج کر رہے ہیں اور اس بنیاد پر چیلنج کر رہے ہیں کہ عشر اور زکواۃ آرڈیننس کیونکہ ایکٹ آف پارلیمنٹ ہے اور یہ دونوں ایوانوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے لہذا اس کے اوپر صرف سپیکر اپنے چیمبر میں کوئی فیصلہ قطعی طور پر نہیں سکتے۔ کیونکہ یہ ہمارا حق ہے کہ ایک عام قانون کو بنانے میں ہم اسی طرح ذمہ دار ہیں جس طرح قومی اسمبلی اور اس میں ترمیم کرنے کا ہمیں بھی اتنا ہی اختیار ہے جتنا کہ ان کا۔ اب دونوں ایوانوں سے منظور ہوئے بغیر نہ کوئی قانون بن سکتا ہے اور نہ اس میں کسی طرح کی ترمیم ہو سکتی ہے۔

علاوہ دیگر تکنیکی مسئلوں کے ایک یہ ہے کہ زکواۃ اور عشر سرے سے ٹیکس ہی نہیں ہے زکواۃ اور عشر ایک عبادت ہے اسی طرح کی عبادت ہے جس طرح نماز ہے روزہ ہے حج ہے اسی طرح زکواۃ ہے زکواۃ کو نافذ کرنے کی ذمہ داری مسلمان ریاست کو سونپی گئی ہے جس طرح والدین کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ جب آپ کا بچہ ایک خاص عمر کو پہنچ جائے تو اس کو آپ نماز کا حکم دیں اور پھر ایک خاص حد تک غالباً وہ

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

بارہ سال میں جب وہاں تک پہنچ جائے اور پھر وہ نماز نہ پڑھے تو اس کو مار کر پڑھائیں یعنی جس طرح ان کو یہ حکم دیا گیا ہے اسی طرح زکواۃ کیلئے ریاست کو ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ جو لوگ زکواۃ ادا نہ کریں ان سے زکواۃ زبردستی لی جائے اور ابوبکر صدیق رضؓ جو ہمارے خلیفہ اوّل تھے انہوں نے اس پر عمل کیا زکواۃ حکومت کا ٹیکس نہیں ہے یہ خدا کی طرف سے ہمارے اوپر ایک فرض کے طور عائد ہوتا ہے جس کو ادا کرنا ہماری ذمہ داری ہے خدا کے سامنے سرخرو ہونے کیلئے، پھر اس کے استعمال کی مدات مخصوص ہیں حکومت اس کو اپنے مصارف کیلئے خرچ نہیں کر سکتی اور حکومت اس کو ترقیاتی مقاصد کیلئے خرچ نہیں کر سکتی لہذا یہ عبادت ہے۔ جو ہمارے بنیادی پانچ ارکان ہیں ان پانچ میں ایک رکن یہ بھی ہے لہذا یہ ٹیکس میں بھی نہیں جاتی یعنی (۱) یہ ایکٹ آف پارلیمنٹ ہے لہذا پارلیمنٹ کے دونوں ایوان اس میں ترمیم کے ذمہ دار ہیں، نمبر (۲) یہ کہ یہ ٹیکس نہیں ہے یہ عبادت ہے اور عبادت کے طور پر ہم اس کو ادا کرتے ہیں اور تیسرا یہ کہ سپیکر کی حد اور اختیار سے باہر ہے کیونکہ اس میں ہمارا حق محدود ہوتا ہے اظہار رائے کا اور ووٹ کا لہذا اس کو ہم چیلنج کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: سید فصیح اقبال۔ موجود نہیں ہیں، پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد: آپ فکر نہ کریں، میں ان تمام امور کو لے رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: خاص طور پر یہ جو Article 73(4) ہے اس کا ایک جواب تو طارق چوہدری صاحب نے دیا ہے

This is only final as respects the proceedings of the National Assembly but in all matters I would say when the question arises the Speaker's decision is final in any case. So, in this particular matter, the Constitution has given finality to a particular question. I don't say that the courts will not be able to question this. Now, the question is, the Senate is in a position to say that whether we don't accept the finality assuming that what you are saying is correct. So, I will be grateful if you comment on it.

پروفیسر خورشید احمد: جی میں اس کو بھی لوں گا۔ آپ مجھے پوری بات کہنے کا موقع دیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ جناب چیئرمین! حقیقت یہ ہے کہ ہم اس وقت ایک بہت ہی اہم دینی، سیاسی، دستوری، قانونی مسئلے پر بحث کر رہے ہیں اور میں کوشش کروں گا کہ اختصار کے ساتھ لیکن تمام ضروری دلائل آپ کے سامنے پیش کروں اور میری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اگر میرے دلائل درست ہیں تو وہ حکومت کا دل بھی کھولے اور آپ کو بھی شرح صدر اس معاملے میں حاصل ہو اور ہم وہ فیصلہ کر سکیں جو دین اور دستور دونوں کے مطابق ہے۔

جناب والا! میری سب سے پہلی گزارش یہ ہے اور آپ نے بھی صحیح اس بات کی طرف متوجہ کیا۔ کہ آیا زکوٰۃ ایک ٹیکس ہے یا نہیں ہم منی بل کو ڈیل کر رہے ہیں اور منی بل کا ایک متعین دائرہ ہے اس پر میں ابھی آؤں گا دستوری اعتبار سے کہ وہ کیا ہے اور کہاں کہاں وہ اپلائی نہیں کرتا لیکن پہلے ایک بنیادی بات واضح ہو جانی چاہیئے اور وہ یہ ہے کہ زکوٰۃ کیا ہے زکوٰۃ ان پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک ہے جس پر کہ اسلام قائم ہے زکوٰۃ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے اوپر فرض کی ہے اور اس کی ادائیگی کا انحصار کسی حکومت کے وجود یا عدم وجود پر نہیں ہے اگر کوئی اسلامی حکومت ہو جب بھی زکوٰۃ فرض ہے اور اگر کوئی اسلامی ریاست موجود ہی نہ ہو جب بھی زکوٰۃ فرض ہے تاریخی اعتبار سے زکوٰۃ کا حکم مکی دور میں آیا ہے جبکہ اسلام حکمران قوت نہیں تھا اسلامی ریاست نے ۲ ہجری میں زکوٰۃ کو نافذ کیا دور خلافت راشدہ کے بعد زکوٰۃ کی ادائیگی کے بارے میں یہ دو آراء پیدا ہوئیں کہ اگر حکمران اسلام کی پابندی نہ کر رہے ہوں تو کیا ایسی حالت میں زکوٰۃ حکمرانوں کو دی جائے یا نہ دی جائے اس لیے کہ زکوٰۃ ایک فریضہ ہے ہر مسلمان کے اوپر ہے اور اسے ادا کرنا ہے بلاشبہ اسے ادا کرنے کے دو طریقے ہیں ایک یہ کہ خود ادا ...... اور دوسرا یہ کہ وہ حکومت کے ذریعے ادا کرے اگر کوئی حکومت موجود نہ ہو جب بھی زکوٰۃ اس پر فرض ہے وہ مسلمان جو امریکہ میں زندگی گزار رہے ہیں زکوٰۃ ان پر اسی طرح فرض ہے جس طرح یہاں کے مسلمانوں پر ہے اگر وہ ادا نہیں کرتا تو وہ گناہ گار ہوتا ہے۔ جناب والا! ٹیکس کیا ہے۔ ٹیکس دراصل وہ لازمی اور جبری ذمہ داری ہے جو ایک حکومت اپنی آبادی پر عائد کرتی ہے جو جبری ہے جو لازم ہے جسے لگانے کا اختیار حکومت اور صرف حکومت کو ہے وہ coercise power سے اسے لگانے کا اختیار رکھتی ہے coercive power سے اسے تبدیل کرنے کا اختیار ہے coercive power

[Prof. Khurshid Ahmed]

سے اسے وصول کرنے کا اختیار ہے اور coercive power سے اسے استعمال کرنے کا اختیار ہے
یہ اس کی conditions ہیں اگر اس سلسلے میں آپ چاہتے ہیں کہ میں quick reference
آپ کو دوں تو Black's Law Dictionary اس وقت میرے پاس
ہے اور آپ نے جس وقت یہ سوال سومرو صاحب سے پوچھا تھا تو صرف میں نے اس کو چیک
کیا اس لیئے میں economics books اپنے ساتھ نہیں لایا لیکن اس میں آپ کو بہت ہی
مختصراً بات مل جاتی ہے جس میں ٹیکس کی تعریف صفحہ ۱۳۰۷ پر ہے۔

"Tax - To impose a tax, to enact or declare that a pecuniary contribution shall be made by the persons liable for the support of a government. A pecuniary burden laid upon individuals .........."

*[Then the House adjourned for 15 minutes due to the failure of electricity].*

*[The House re-assembled after the interval with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair].*

**Mr. Chairman:** Prof. Khurshid Ahmed.

**Prof. Khurshid Ahmed:** "A pecuniary burden laid upon individuals or property to support the government, and is a payment exacted by legislative authority. Essential characteristics of a tax are that it is not a voluntary payment or donation but an enforced contribution, exacted pursuant to legislative authority.

In a general sense, any contribution imposed by a government upon individuals, for the use and service of the State whether under the name of toll, tribute, tollage, gabelle impose, duty, custom, excise, subsidy, aid, supply, or other name and in its essential characteristics is not a debt".

تو جناب والا! ٹیکس ایک خاص تصور ہے اور اسی لیئے مسلمانوں کی تاریخ میں لفظ ضرائب

استعمال کیا گیا ہے ضریبہ کہتے ہیں مارنے کو تو ضریبہ کہا گیا ہے ٹیکس کو اور اسے ممتاز کیا گیا ہے زکواۃ سے بلاشبہ زکواۃ ایک مالی ذمہ داری ہے اس کیلئے فقہاء نے لفظ حق استعمال کیا ہے اور خود قرآن نے یہ لفظ استعمال کیا ہے کہ امراء کے مال میں ایک معروف حق یعنی known right ...... جو فقراء اور مساکین کے لئے ہے تو جناب والا! جو Islamic frame work ہے اس میں یہ بات بالکل درست ہے کہ زکواۃ ایک لازمی امر ہے ایک فریضہ ہے ایک ذمہ داری ہے اسے ادا کیا جاتا ہے اس کا تعلق مال سے ہے لیکن یہ تمام چیزیں ٹیکس سے مشابہت رکھتے ہوئے بھی زکواۃ کو ٹیکس نہیں بناتیں اور کبھی ٹیکس نہیں بنا سکتیں اس لئے کہ زکواۃ بنیادی طور پر ایک عبادت ہے اسی لیئے آپ دیکھیئے کہ اس کا نام بھی زکواۃ رکھا گیا ہے جس کا معنی ہے پاکی، کہ یہ انسان کو پاک کرتی ہے اور قرآن میں اور حدیث میں صاف یہ لفظ استعمال ہوا ہے کہ ان سے زکواۃ لو تاکہ ان کو پاک کر دو۔

پھر دوسری چیز یہ ہے کہ یہ زکواۃ جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ حکومت جو ٹیکس لگاتی ہے اس کا اختیار رکھتی ہے کہ لگائے یا نہ لگائے اگر لگائے تو جو تبدیلی چاہے اس میں کرے اور جس طرح چاہے اسے استعمال کرے بلکہ Canon of Taxation of Adam Smith میں تو یہ بھی کہا گیا ہے کہ کوئی Quid pro quo no نہ ہو یہ اس کی sanction میں سے ہے لیکن زکواۃ کا معاملہ بالکل مختلف ہے ایک مالی ذمہ داری ہے لیکن نہ حکومت اپنی مرضی سے لگا سکتی ہے نہ حکومت اپنی مرضی سے کوئی تبدیلی کر سکتی ہے اس کی شرح میں اس کے مصارف میں، اس کے نظام میں، پھر حکومت کا رول کیا ہے حکومت کا رول ایک ٹرسٹی کا ہے ایک امین کا ہے اگر ایک اسلامی حکومت ہے تو وہ زکواۃ لے کر کے مستحقین کو پہنچا دے گی نہ وہ اس کو اپنے بیت المال میں شامل کر سکتی ہے حکومت کے عام فنڈ میں اسے شامل نہیں کیا جا سکتا یہ ایک مخصوص رقم ہے جو ایک مخصوص مقاصد کیلئے ہے متعین شکل میں ہے اور اس میں کوئی تبدیلی، کوئی تصرف حکومت نہیں کر سکتی حکومت صرف اس بات کی ذمہ دار ہے کہ شریعت کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق ایک ٹرسٹی ایک امین کی حیثیت سے اس خدمت کو، اس ذمہ داری کو ادا کر سکے۔

اب جناب والا! میں آپ کے سامنے سب سے پہلے جو زکواۃ کی تعریف پیش کرنا چاہتا ہوں وہ اس دور کی سب سے اہم کتاب الفقہ علی المذاہب الاربعہ جو چار جلدوں

[Prof. Khurshid Ahmed]

میں ہے اور جس میں تمام مذاہب فقہی جو ہیں ان کے نقطہ نظر کو پیش کیا گیا ہے عبدالرحمن الجزیری اس کے مصنف ہیں اور اس کا اردو ترجمہ محکمہ اوقاف نے لاہور سے ۱۹۷۱ء میں شائع کیا تھا اس کی پہلی جلد کا صفحہ ۹۵۸ میں آپ کو ریفر کروں گا لغت میں زکواۃ کے معنی پاک کرنا اور نمو پانے یا ترقی کے ہیں شریعت کی اصطلاح میں اس لفظ کے معنی مخصوص مال کا خاص شرائط کے ساتھ اس کے حق دار اور مالک سے لینا اور......

(بجلی چلی گئی)

جناب چیئرمین : بجلی آ گئی، پروفیسر صاحب کا سپیکر آن کر دیں۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! اجلاس کو جاری رکھا جائے اگر اجلاس ملتوی ہو گیا تو یہ بحث مکمل نہیں ہو سکے گی.... پھر بجلی چلی گئی۔

پروفیسر خورشید احمد: میں اس کو دوبارہ پڑھتا ہوں۔ (ہاؤس کی کارروائی بغیر بجلی کے جاری تھی جس کی وجہ آواز صحیح طور پر سنائی نہیں دے رہی تھی۔)

پروفیسر خورشید احمد: شریعت کی اصطلاح میں اس لفظ کے معنی مخصوص مال کا خاص شرائط کے ساتھ اس کے حقدار کو مالک بنا دینا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جو لوگ نصاب زکواۃ کے مالک ہیں۔ ان پر فرض ہے کہ فقیروں اور دوسرے زکواۃ کے حقداروں کو اپنے مال میں سے ایک مقررہ مقدار بطور تملیک عطا کر دیں یعنی ان کو اس مال زکواۃ کا مالک بنا دیں۔ حنابلہ زکواۃ کی تعریف یوں کرتے ہیں کہ زکواۃ خاص قسم کے مال پر خاص قسم کے لوگوں کا حق ہے جو معینہ وقت گزر جانے کے بعد واجب ہوتا ہے۔ جناب والا! اس کے معنی یہ ہیں کہ زکواۃ کیلئے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ شرائط متعین کی ہیں اور یہ واجب ہوتی ہے جس کے پاس دولت ایک مدت تک رہے اور اسے ادا کر کے مستحقین کو پہنچائے اب یہ افراد کی اپنی ذمہ داری ہے یا حکومت افراد سے لیکر مستحقین کو پہنچائے فقہ حنفیہ کے مطابق زکواۃ کا مال جب تک مستحقین کو نہیں پہنچ جاتا گویا زکواۃ صحیح طور ادا نہیں ہوئی۔ اب آپ غور کریں فقہ حنفیہ کہتے ہیں کہ زکواۃ مجنوں یا بچے پر نہیں ہے لہذا ان کے ولیوں سے اس کے ادا کرنے کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ یہ محض عبادت ہے۔ لیکن ٹیکس ہر ایک کو ادا کرنا پڑتا ہے زکواۃ ایک مخصوص مال پر ہوتی ہے اور یہ ایک فریضہ ہے لیکن زکواۃ اور ٹیکس دونوں جداگانہ چیزیں ہیں۔

جناب والا! اس کے ساتھ ہی ایک اور حوالہ پیش کرتا ہوں۔ یہ ہے:

The Encyclopedia of Religion Volume 15, Mircea Eliade, Editor-in-Chief by Macmillan Publishing Company, New York Page 550.

"ZAKAT is an Arabic term that literally means 'purification', 'sweetening', and 'growth'. In the religious terminology of Islam it stands for obligatory charity or alms that every rich Muslim should pay to those who are poor and in need. Zakat is thus one of the five fundamental duties within Islam. Like the daily prayers, fasting during the month of Ramadhan, and pilgrimage to Mecca. It constitutes an act of devotion and piety. In the Quran the command for Zakat often comes together with that for Salat (prayers) and one might say that on these two depends all Islam. Salat emphasizes the love of God while Zakat promotes the love and concern for one's neighbour."

".... It is one of the functions of the Islamic State to collect Zakat from its citizens but when a Muslim lives in a non-Islamic State or the State neglects this duty, it remains a personal duty to deduct Zakat from one's wealth and to pay it to the poor and needy".

Then on page 551 it is said:

"..... Muslim jurists emphasize that Zakat is the right of the poor and needy and must be spent in such a way that it reaches those who deserve it. It is, therefore, forbidden to give Zakat to the rich or to one's own dependents".

جناب والا! اب میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے فقہاء نے اس بارے میں جو بحث کی ہے اس سلسلے میں سب سے پہلے مولانا محمد شفیع صاحب نے اپنی کتاب احکام زکوٰۃ میں اس کے صفحہ ۱۵ پر لکھا ہے قرآن کریم نے آیت مذکورہ میں اخذ من اموالہم کے بعد جو ارشاد فرمایا ہے اس میں یہ اشارہ پایا جاتا ہے کہ زکوٰۃ و صدقات کوئی حکومت کا ٹیکس نہیں جو عام حکومتیں نظام حکومت چلانے کیلئے وصول کیا کرتی ہیں بلکہ اس کا مقصد خود اصحاب اموال کو گناہوں سے پاک صاف کرنا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ زکوٰۃ و صدقات وصول

[Prof. Khurshid Ahmed]

کرنے سے در حقیقت دو فائدے ہوتے ہیں ایک فائدہ خود صاحب مال کا ہے اس کے ذریعے وہ گناہوں سے اور مال کی حرص و محبت سے پیدا ہونے والی اخلاقی بیماریوں کے جراثیم سے پاک صاف ہو جاتا ہے ۔ دوسرا فائدہ یہ ہے کہ اس کے ذریعے قوم کے اس ضعیف عنصر کی پرورش ہوتی ہے جو خود اپنی ضروریات مہیا کرنے سے قاصر یا مجبور ہے جیسے یتیم بچے، بیوہ عورتیں، اپاہج معذور وغیرہ ۔ اس سے واضح ہو گیا کہ زکواۃ و صدقات کی اصل مشروعیت کسی کی حاجت روائی کیلئے نہیں بلکہ وہ ایک مالی حق اور عبادت ہے جیسے نماز روزہ جسمانی عبادت ہیں یہ مالی عبادت ہے ۔ مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی جنہوں نے اس دور میں اسلامی احکام کی تشریح و توضیح کی ہے ان سے یہ سوال کیا گیا کہ زکواۃ اور ٹیکس میں کیا فرق ہے ان کا جواب یہ ہے ۔ زکواۃ کے متعلق پہلی بات یہ سمجھ لینی چاہیئے کہ یہ ٹیکس نہیں ہے ۔ ان کی کتاب رسائل مسائل ہے حصہ سوم ۔

**جناب چیئرمین:** رسائل و مسائل ۔ مہربانی کر کے جو quotations ہیں ان کی فوٹو کاپی ذرا مجھے دے دیں ۔

**پروفیسر خورشید احمد:** میں دے دوں گا ۔ رسائل و مسائل جلد سوم صفحہ ۳۰۷ اور ۳۰۸ ۔ زکواۃ کے متعلق پہلی بات یہ سمجھ لینی چاہیے کہ یہ ٹیکس نہیں ہے بلکہ ایک عبادت اور رکن اسلام ہے جس طرح نماز، روزہ اور حج ارکان اسلام ہیں جس شخص نے بھی کبھی قرآن مجید کو آنکھیں کھول کر پڑھا ہے وہ دیکھ سکتا ہے کہ قرآن بالعموم نماز اور زکواۃ کا ایک ساتھ ذکر کرتا ہے اور اسے اس دین کا ایک رکن قرار دیتا ہے جو ہر زمانے میں انبیاء کرام کا دین رہا ہے اس لیئے اس کو ٹیکس سمجھنا اور ٹیکس کی طرح اس سے معاملہ کرنا پہلی بنیادی غلطی ہے ایک اسلامی حکومت جس طرح اپنے ملازموں سے دفتری کام اور دوسری خدمات لے کر یہ نہیں کہہ سکتی کہ اب نماز کی ضرورت باقی نہیں ۔ کیونکہ انہوں نے سرکاری ڈیوٹی دے دی ہے اسی طرح وہ لوگوں سے ٹیکس لیکر یہ نہیں کہہ سکتی کہ اب زکواۃ کی ضرورت باقی نہیں کیونکہ ٹیکس لے لیا گیا ہے ۔ اسلامی حکومت کو اپنے نظام اوقات لازماً اس طرح مقرر کرنے ہوں گے تاکہ اس کے ملازمین نماز وقت پر ادا کر سکیں ۔ اسی طرح اس کو اپنے ٹیکسیشن کے نظام میں زکواۃ کی جگہ نکالنے کیلیئے مناسب ترمیمات کرنی ہوں گی ۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی سمجھ لینی چاہیے کہ حکومت کے موجودہ ٹیکسوں میں کوئی ٹیکس ان مقاصد کیلیئے اس

طرح استعمال نہیں ہوتا ہے جن کیلئے قرآن میں زکوٰۃ فرض کی گئی ہے اور جس طرح اس کے تقسیم کرنے کا حکم ہے۔"

جناب والا! مصر کے بہت بڑے عالم ڈاکٹر یوسف القرضاوی جو اس وقت میرے خیال میں زکوٰۃ کے مسئلے پر سب سے بڑی living authority ہیں انہوں نے چار جلدوں میں "فقہ الزکوٰۃ" ایک کتاب لکھی ہے اور اس کی ایک پوری بحث ان کی اسی موضوع سے متعلق ہے آیا ٹیکس زکوٰۃ ہے یا نہیں کیا اس کے اندر ٹیکس کے نظام سے مماثلت ہے یا اس سے مختلف ہے تو اس کی جلد چہارم کے صفحہ ۲۰۷ کے اوپر وہ لکھتے ہیں کہ زکوٰۃ اور ٹیکس کے نظام میں کیا کیا مماثلت ہے اور تین similarities وہ بتاتے ہیں اس میں پہلی یہ ہے چیز ایک شخص کی خود مرضی نہیں ہوتی ہے اسے لازماً یہ ادا کرنی ہے دوسری بات یہ ہے کہ Tax giver جو ہے وہ اس میں کوئی فائدہ نہیں اٹھا رہا ہے کوئی ذاتی غرض اس کے اندر اس کی نہیں ہے اور یہ تیسری چیز ہے کہ اس کی ٹارگٹ جو ہے وہ social objectives, social approach لیکن اس کے بعد وہ سات چیزیں بتاتے ہیں کہ کس طرح یہ اس سے مختلف ہے سب سے پہلا ہے" نام اور عنوان" سب سے پہلا فرق زکوٰۃ اور ٹیکس کے مابین ان کے ناموں سے ہے کہ زکوٰۃ کے معنی پاکی نشوونما اور برکت کے ہیں شریعت اسلامیہ نے مال کے اس حصہ کو جو زکوٰۃ دہندہ فقراء کو دیتا ہے زکوٰۃ کہا ہے جبکہ ٹیکس یعنی ضریبہ کا لفظ محض جبر والزام کا مفہوم ادا کرتا ہے یعنی یہ تاوان ہے جو زبردستی اور بالجبر مال دار شخص پر لادا جاتا ہے وغیرہ وغیرہ دوسرا اس کی ماہیت اور کیفیت ٹیکس محض ایک تمدنی پابندی ہے۔ جب کہ زکوٰۃ عبادت ذریعہ ثواب شکر الٰہی اور فریضہ دینی ہے۔ **نصاب و مقدار:** زکوٰۃ ایک مقررہ حق ہے جسے شارع، یعنی اللہ تعالیٰ نے مقرر کر دیا ہے اور ہر مال کی مطابقت سے متعین کر دیا ہے اور اس مقررہ نصاب سے کم مقدار کو زکوٰۃ سے مستثنیٰ قرار دیا ہے جبکہ ٹیکس بلحاظ مقدار اور نصاب مقدار وقت کی صوابدید پر موقوف ہے گو کہ ٹیکس کا وجود اور عدم وجود بہ اعتبار ضرورت صاحب اختیار و افراد کے ہاتھ میں ہے۔ زکوٰۃ دائمی اور ثابت شدہ فریضہ ہے جب تک دنیا میں مسلمان موجود ہیں۔ اس میں کوئی ترمیم نہیں ہو سکتی اور کوئی شخص اس میں رد و بدل نہیں کر سکتا کیونکہ اسلام میں زکوٰۃ نماز کی طرح ہے جب کہ ٹیکس میں دوام اور بقا کی صفت موجود نہیں بلکہ اس کی نوعیت، صفت اور مقدار ہمہ وقت تغیر پذیر ہے اور حکومت وقت جب چاہیئے اس میں

[Prof. Khurshid Ahmed]

رد و بدل کر سکتی ہے جب ضرورت بعض ٹیکسوں کو بالکل ختم کر سکتی ہے اور ان کی جگہ نئے ٹیکس عائد کر سکتی ہے (۴) زکواۃ کے مصارف بھی خاص طور پر متعین ہیں اور یہ بھی حکومت کی مرضی پر منحصر نہیں ہیں۔ پھر وہ کہتے ہیں کہ ٹیکس کی ادائیگی کا تعلق مال دار اور مقتدر وقت پر ہے کہ طے حکومت ہی اس کو کرتی ہے، وہی اس کی شرح متعین کرتی ہے، وہی وصول کرتی ہے اور اگر حکومت چاہے تو اس مقدار کو کم کرے یا کسی خاص حکم سے اس کو کچھ معاف کر دے یا سرے سے کوئی ٹیکس یا تمام ٹیکس منسوخ کر دے اگر حکومت ٹیکس میں چھوٹ دے دے یا ٹیکس دھندہ مطالبہ نہ کرے تو اس پر کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی۔ جبکہ زکواۃ ہر لحاظ سے خدا اور بندے کے درمیان ایک تعلق ہے کہ خدا ہی نے مال دیا ہے، اسی نے زکواۃ کا حکم دیا ہے اسی نے اس کی مقداریں اور نصاب متعین کی ہیں، اس لیئے اگر اسلامی ریاست موجود نہ ہو اور وہ مسلمانوں سے زکواۃ وصول کر کے مستحقین کو تقسیم نہ کرے تو مسلمانوں پر فرض ہے کہ از خود اپنی زکواۃ مستحقین کو پہنچائیں۔ سات نکات انہوں نے دیئے ہیں جن میں انہوں نے بتایا ہے کہ زکواۃ اور ٹیکس ایک دوسرے سے بالکل مختلف چیز ہے۔

جناب والا! یہ بنیادی گزارشات سب سے پہلے میں نے آپ کی خدمت میں عرض کی ہیں کہ زکواۃ ایک ٹیکس نہیں ہے زکواۃ کا قانون ٹیکسیشن سے متعلق نہیں ہے، اس لیئے ہمارے اس پریویلج موشن کی پہلی بنیاد یہ ہے دوسری بات جس پر میں آنا چاہتا ہوں کہ ہمارے دستور میں منی بل کا تصور کیا ہے ۱۹۷۳ کے آئین کا آرٹیکل ابھی محترم سومرو صاحب نے پڑھا ہے میں اس کو repeat نہیں کرتا ہوں لیکن اگر آپ غور فرمائیں تو آپ یہ دیکھیں گے کہ ہمارے دستور کا جو فریم ورک ہے وہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں تین قسم کے بل ہو سکتے ہیں ایک Ordinary Bill جو ہر اس مسئلہ سے متعلق ہو سکتا ہے جس پر قانون سازی حکومت کرنا چاہے، یہ ایوان کرنا چاہے، اور یہ سارے قوانین جو ہیں، یہ دستور کے تحت دونوں ہاؤسز میں پاس ہونے ضروری ہیں، دوسری کیٹیگری وہ ہے جسے ہم "منی بل" کہتے ہیں اور منی بل ایک متعین بل ہے اس کے بالکل محدود functions ہیں اور منی بل صرف وہ بل ہے جسے نیشنل اسمبلی پاس کر سکتی ہے اور صدر سپیکر کی certification پر سینیٹ کی منظوری کے بغیر اس کو assent کرتا ہے۔ ایک تیسری کیٹیگری بھی ہے، جسے میں کہوں گا کہ Finance Bills other than Money Bills

دوسرے ممالک کے دساتیر میں یہ بات بالکل clear ہے۔ مثلاً انڈیا کے آئین میں جہاں آرٹیکل ۱۰۹ اور ۱۱۰ منی بل کو deal کرتے ہیں، وہاں ۱۱۷ Finance Bills which are not Money Bills کو deal کرتے ہیں ہمارے ہاں وہ الگ نہیں ہیں، ہمارے ہاں آرٹیکل ۷۳ کے اندر دو کیٹیگریز آگئی ہیں کیا چیزیں منی بل ہیں۔ اور کیا چیزیں اس سے exempted ہیں جو چیزیں exempted ہیں وہ Finance Bill تو بن سکتی ہیں۔ لیکن وہ منی بل نہیں بن سکتیں اور Finance Bill کے لیے ضروری ہے کہ وہ دونوں ایوانوں میں آئے۔ وہ صرف ایک ایوان میں پاس ہو کر کے قبول نہیں کیا جا سکتا۔

**جناب چیئرمین:** یہ فنانس بل کا تصور کس آرٹیکل میں ہے۔

**پروفیسر خورشید احمد:** آرٹیکل ۱۰۹ – ۱۱۰ اور ۱۱۷ انڈین آئین کا، اس لیئے وہاں صدر سے prior اجازت ضروری ہوتی ہے جو ہمارے ہاں نہیں ہے، اور یہاں میں چاہتا ہوں کہ آپ ذرا اس پر غور فرمائیں کہ ۱۹۷۳ء میں کہا گیا ہے کہ

imposition, abolition, remission, alteration or regulation of any tax.

ٹیکس کی تعریف میں پہلے ہی آپ کو دے چکا ہوں۔

the borrowing of money, or the giving of any guarantee, by the Federal Government, or the amendment of the law relating to the financial obligations of that Government.

(c) The custody of the Federal Consolidated Fund - The payment of moneys into, or the issue of moneys from that fund.

(d) The imposition of a charge upon the Federal Consolidated Fund, or the abolition or alteration of any such charge.

(e) یہ ذرا اہم ہے اور اس میں کچھ ذرا تھوڑی سی گنجائش دوسری بھی ہے، اس لیے میں اس پر بات کروں گا۔

The receipt of moneys on account of the Public Accounts of the Federation, the custody or issue of such moneys.

(f) The audit of the accounts of the Federal Government or a Provincial Government and any matter incidental to any of the matters specified in the preceding paragraphs.

[Prof. Khurshid Ahmed]

یہ سات کیٹیگریز ہیں جو منی بل سے متعلق ہیں اور اس کے بعد کلاز ۳/ کہتا ہے

A Bill shall not be deemed to be a Money Bill by reason only that it provides for the imposition or alteration of any fine or other pecuniary penalty or for the demand or payment of a licence fee or a fee or charge for any service rendered or (b) for the imposition, abolition, remission, alteration or regulation of any tax by any local authority or body for local purposes.

تو معلوم ہوا کہ ان دونوں میں کیٹیگریز ہیں، فنانشل کیٹیگریز ہیں، جو بل ہوں
گے وہ منی بل ٹریٹ نہیں کیئے جائیں گے اور ان کیلئے وہی راستہ اختیار کیا جائے گا جو
ordinary Bill کیلئے آئین میں provide کیا گیا ہے، اس سلسلے میں جناب میں آپ کی توجہ
جسٹس منیر کی جو کمنٹری ہے ۱۹۷۳ء کے آئین پر، اور incidentally یہ بھی
کمینٹری جو ہے یہ امنڈمنٹ سے پہلے ہے ۱۹۷۳ کے original آئین پر ہے، اس
کا صفحہ ۲۵۵ منی بل سے ڈیل کرتا ہے اور اس میں جسٹس منیر کہتے ہیں کہ

In a sense as in the case of Money Bills the Article does not provide that when passed by the National Assembly it must go to the President for assent without it is being transmitted to the Senate. It is obvious that if the Bill relates to a matter which does not come within the definition of a Money Bill as for instance where it relates to coinage, currency or the State Bank it must follow the procedure for a Bill relating to a matter in part 1 of the Federal Legislative List. None of the matters mentioned in Articles falling under part 2 of the Federal Legislative List or the Concurrent List.

تو معلوم ہوا کہ جیسے کہ تین کیٹیگریز ہیں، ہمارے ہاں بلز کی، ایک آرڈینری بل ایک منی بل ایک
Finance Bill other than Money Bill تو دوسرے الفاظ میں تمام financial matters بھی ایسے
نہیں ہیں کہ ان میں سینیٹ کو exclude کیا جا سکتا ہو، یا اس کو منی بل قرار دیا جا سکتا ہو،
بلکہ یہ بڑا اہم مسئلہ ہوگا کہ اس بات کو متعین کیا جائے کہ کیا چیز منی بل ہے اور کیا چیز منی بل نہیں۔
اور اس معاملے میں سپیکر کو غیر معمولی احتیاط استعمال کرنی ہوگی، اس سلسلے میں، میں آپ سے

عرض کروں گا کہ خواہ آپ May کی پارلیمنٹری پریکٹس دیکھیں، باسو کی کمنٹری دیکھیں (انڈین آئین کے اوپر) اور میں آپ کو ریفر کرتا ہوں background دراصل یہ ہے کہ ... تک ابرٹش پارلیمنٹ میں، ہاؤس آف لارڈز کو منی بل کے معاملے میں بھی وسیع اختیارات حاصل تھے اور ایک ایسی صورت حال پیدا ہوئی جس میں دونوں ایوانوں میں tussle ہوئی اور اس کے نتیجہ کے طور پر پارلیمنٹ ایکٹ ۱۹۱۱ ہے، اس میں یہ تخصیص کی گئی کہ کچھ معاملات میں ہاؤس آف لارڈز کے منی بل کی حد تک ، اختیارات کو محدود کر دیا جائے اور.... بیٹے یہ راستہ اختیار کیا گیا، کہ منی بل کے exact اسے وہ ایک ماہ تک delay کر سکتے ہیں یا totally reject کر سکتے ہیں لیکن ان کی rejection کا کوئی اثر final rule پر نہیں پڑے گا اگر ہاؤس آف کامنز اسے اختیار کر لیتا ہے دوسرے Financial matters other than Money Bill کو وہ ایک سال تک روک سکتے ہیں یہ وہ چیز تھی جس کی بنا پر یہ سارے کا سارا معاملہ ہوا، اس کے بعد پھر انڈین ایکٹ ۱۹۳۵ میں یہ چیز لائی گئی، انڈین آئین میں یہ آیا اور.... ہمارے ہاں ہے۔ اور دنیا کے دوسرے ممالک کے اندر بھی یہ چیز رکھی گئی کہ منی بل کیا ہے، اور اس کا تعین کرنا بہت ضروری ہے اور جیسا کہ May نے Parliamentary Practice میں quote کیا ہے، برٹش پارلیمنٹ کے سپیکر نے متعدد مواقع کے اوپر فنانس بلز کو منی بل قرار دینے سے انکار کر دیا، اس لیئے کہ اس کی نگاہ میں وہ gray area سے متعلق تھے clear منی بل نہیں تھے اور وہاں یہ بھی لکھا ہوا ہے کہ وہ اس بات کی پوری.... کوشش کرے گا کہ اگر ممکن ہو تو Ways and Means Committee کے جو دو چیئرمین ہیں انہیں consult کر لے before he certifies a Bill to be a Money Bill properly

انڈیا میں بھی یہ صورت حال ہے، اور آپ کے علم میں غالباً یہ بات ہو انڈیا میں ایسی صورت حال پیدا ہوئی ہے۔ کہ کچھ provinces میں اسپیکر کی عدم موجودگی میں ڈپٹی اسپیکر نے یا پریذائیڈنگ آفیسر نے اس کو certify کیا تھا تو معاملات ہائی کورٹ تک گئے۔ معلوم ہوا کہ گو اسپیکر کو اس بات کا اختیار ہے کہ منی بل کو certify کر دے اور جب وہ منی بل کو certify کر دے اور اس کے بعد اس ایوان کو اور پھر صدر کو یہ تسلیم کرنا کہ یہ منی بل proper ہے یہی جائز راستہ

[Prof. Khurshid Ahmed]

ہے لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اسپیکر اس معاملے میں غلطی نہیں کر سکتا۔ کیا اسپیکر نے وہ احتیاط برتی ہے وہ مشورہ کیا ہے۔ اس objectivity کا مظاہرہ کیا ہے جس کے نتیجے کے طور پر ایک منی بل کو منی بل قرار دیا ہو اور Extraneous Bill اس میں آگے نہ لایا ہو یہ issue open ہے۔ اور میری نگاہ میں اس کو دو فورمز میں ایگزامن کیا کیا جا سکتا ہے ایک کورٹ آف لاء اور دوسرے وہ ایوان جو سپیکر کے فیصلے سے متاثر ہو۔ میں بعد میں یہ عرض کروں گا کہ پریولیج یہ کس طرح بنتا ہے۔ لیکن جو ایشو آپ کے سامنے لانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ جو چیز منی بل نہیں تھی اور منی بل کا حصہ نہیں بن سکتی اُسے mala fide منی بل کا حصہ بنانے کی کوشش کی گئی ہے اور اسپیکر نے غالباً غلطی سے اسکو منی بل کے طور پر certify کر دیا۔۔۔

**Mr. Hasan A. Shaikh:** Point of order. We should avoid making such remarks about the Speaker.

**Mr. Chairman:** Yes, I agree with you.

**پروفیسر خورشید احمد:** میں نے خود یہ بات پوری احتیاط سے کہی ہے کہ غالباً غلطی سے، اس لئے کہ یہ میرا قانونی اور اخلاقی حق ہے اور یہ کوئی aspersion نہیں ہے ہم میں سے ہر ایک human-being ہے human-being سے غلطی ہو سکتی ہے۔ اگر میں یہ کہتا کہ سپیکر نے mala fide یہ کیا ہے تو ایک غلط چیز ہوتی لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ ہم سب انسان ہیں اور جب میں یہ بات چیلنج کر رہا ہوں تو پھر میں یہ بات پوری ذمہ داری کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہر ایک بڑے سے بڑے انسان محترم سے محترم انسان سے غلطی ہو سکتی ہے اور وہ انسان کا غلطی کرنا جو ہے، کسی حیثیت سے اُس کے کریکٹر، اسکی پوزیشن اسکی integrity پر aspersion نہیں۔ اس لئے میں نے بہت احتیاط کے ساتھ الفاظ استعمال کئے ہیں کہ سپیکر نے کسی غلط فہمی کی بنیاد پر اسکو Money Bill treat کر لیا حالانکہ اسے Money Bill treat نہیں ہونا چاہئے تھا

جناب والا! میں پہلی دلیل بہت تفصیل سے دے چکا ہوں کہ زکوٰۃ ایک ٹیکس نہیں ہے۔ اس کا کوئی تعلق حکومت کے اُن فنانسز سے نہیں جو منی بل کے دائرے میں آتے ہیں اور اس حیثیت سے اسکو فنانس بل میں شامل کرنا میری نگاہ میں حکومت کی طرف سے ایک

mala fide action ہے اور مجھے یہ کہنے کا پورا حق ہے لیکن یہ کس طرح mala fide ہے میں ثابت کروں گا۔ لیکن یہ میرے حقوق کے اندر ہے کہ میں ایک political analyst کی حیثیت سے پارلیمنٹ کے ایک ممبر کی حیثیت سے advise کروں اور بتاؤں کہ کیا چیز دستور کے مطابق نہیں ہے۔ جناب والا! سہارا لیا جا سکتا ہے دو کلاز کا، ایک کلاز یہ ہے کہ پبلک اکاؤنٹ لیکن پبلک اکاؤنٹ بالکل معروف چیز ہے یہ متعین چیز ہے اور پبلک اکاؤنٹ زکواۃ سے متعلق نہیں۔ میں ابھی آپکے سامنے زکواۃ آرڈی نینس پڑھ کے سناؤں گا۔ زکواۃ آرڈی نینس میں اس بات کی پوری احتیاط برتی گئی ہے کہ زکواۃ Con-solidated Fund میں نہ جائے زکواۃ پبلک اکاؤنٹ میں نہ جائے۔ بلکہ زکواۃ کیلئے الگ سے اکاؤنٹ create کیا گیا ہے جس کی حیثیت جیسے میں نے ابھی عرض کیا تھا کہ ایک امانت کی ہے۔ اسکی حیثیت ایسی نہیں ہے کہ حکومت جس طرح چاہے اسکا مصرف کرے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کو اس پورے مسئلے کو سمجھنے کیلئے خود زکواۃ آرڈی نینس کو بڑی احتیاط اور غور سے پڑھنا ہوگا اور زکواۃ آرڈی نینس میں

Zakat Fund means a fund established under Section 7 of this Ordinance:- Zakat year means year according to the Hijra calendar.

آپ کا بجٹ جو ہے وہ Gregorian calendar پر چلتا ہے آپ کے سارے finances اس نظام پر ہیں لیکن زکواۃ فنڈ، زکواۃ کی collection زکواۃ کی disbursement کا اپنا self contained نظام ہے۔ حکومت اس میں محض ایک امین یا ایک ٹرسٹی کی حیثیت رکھتی ہے وہ اس کو اپنی مرضی کے مطابق appropriate نہیں کر سکتی۔ اسلئے زکواۃ فنڈ کو پبلک اکاؤنٹ اس معنی میں نہیں قرار دیا جا سکتا جس معنی میں فنانس بل کے اندر یہ لفظ استعمال ہوا ہے۔

جناب والا! ایک اور سہارا لیا جا سکتا ہے کہ incidental اسلئے کلاز یہی ہے کہ

matter incidental to - Any matter incidental to any of the matter specified in the preceding paragraphs.

[Prof. Khurshid Ahmed]

میں چاہتا ہوں کہ آپ ذرا incidental پر بھی غور کر لیں۔ اور Blake کی ڈکشنری میں incidental کے بارے میں جو definition دی گئی ہے میں چاہوں گا کہ ذرا آپ اس پر غور فرمائیں، جس سے یہ بات بالکل clear ہو جاتی ہے کہ کیا چیز incidental ہے اور کیا چیز substantive ہے۔

**Incidental:-** depending upon or a pertaining to something else as primary, something necessary, appertaining to, or depending upon another which is termed the principle, something incidental to the main purpose.

جب زکوٰۃ ان پانچوں کیٹیگریز میں آتی ہی نہیں تو پھر زکوٰۃ کو کس طریقے سے incidental قرار دیا جا سکتا ہے۔ ایک remote point یہ اٹھایا جا سکتا ہے کہ صاحب چونکہ زکوٰۃ کو بھی آڈیٹر جنرل audit کر سکتا ہے اور منی بل کے ذیل میں کہا گیا ہے کہ

The audit of accounts of the Federal Government or a Provincial Government.

تو میں آپکی توجہ مبذول کراؤں گا زکوٰۃ آرڈیننس کی طرف کہ جہاں اس بات کو بالکل واضح کر دیا گیا ہے کہ زکوٰۃ فنڈ ایک بالکل الگ چیز ہے زکوٰۃ فنڈ کی Auditing بھی الگ چیز ہے۔ اور اسے زکوٰۃ فنڈ کے Chapter IV میں اسی مسئلے پر بحث کی گئی ہے اور وہ میں پڑھ کر سناتا ہوں۔

The accounts of the Central Zakat Fund, a Provincial Zakat Fund and a Local Zakat Fund shall be maintained and operated, respectively by the Administrator-General, the Chief Administrator, and the Local Committee. The records of the accounts of the Zakat Funds shall be preserved for such period and shall be made available for audit or inspection to such persons or agencies, and in such manner, as may be prescribed to carry out audit to the Central Account Fund annually or at shorter intervals, the Central Council, and to carry out audit of a provincial Zakat Fund annually or at shorter intervals, the Provincial Council shall appoint Auditors, being persons who are Chartered

Accountants within the meaning of the Chartered Accountant Ordinance 1961. The annual report of the Auditors on the Zakat Central Fund shall be laid before the Parliament; and that on a Provincial Zakat Fund before the Provincial Assembly concerned, and that on Local Zakat Fund before the District Council concerned established under law. Nothing in this Section shall be deemed to prevent the Auditor-General of Pakistan from auditing any of the Zakat Funds.

عام گورنمنٹ اکاؤنٹس جنکی normal auditing آڈیٹر جنرل کرتا ہے یہ الگ چیز ہے۔ اور زکوٰۃ فنڈ ایک الگ چیز ہے اس کا آڈٹ کا نظام بالکل الگ ہے۔ یہ آڈٹ وہ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کرے گا جس کو کونسل مقرر کرے گی، البتہ آڈیٹر جنرل کو یہ اختیار ہے کہ جب وہ چاہے وہ بھی اس کو آڈٹ کر سکتا ہے دیکھ سکتا ہے۔ تو یہ بڑی الگ چیزیں ہیں۔

جناب والا! اس قانون کے جو بھی پہلو ہو سکتے ہیں ان پر غور کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور کسی بھی پہلو سے by any stretch of imagination اسے فنانس منی بل اور منی بل کا حصہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔

جناب والا! میں یہ بات بھی آپ سے عرض کرنا چاہتا ہوں اور اس سلسلے میں باسو نے بڑا دلچسپ حوالہ دیا ہے جو آپ کے سامنے رہنا چاہئیے جب آپ اس پر غور فرمائیں۔ میرے سامنے اس وقت باسو کا یہ سلور جوبلی ایڈیشن ہے اسکے volume G میں اس مسئلے کو deal کیا گیا ہے اور اس میں وہ کہتا ہے

This word provides that Bill shall be deemed to be a Money Bill if it contains any of the matters contained in so and so without any other extraneous provision. This is to safeguard the Upper House against an abuse of this provision by the Lower House by treating ..... ordinary Bills as Money Bills adding to them some financial clause.

الفاظ میں باسو کا view یہ ہے کہ چونکہ ایک ایوان دوسرے ایوان کے اختیارات میں دخل اندازی کر سکتا ہے۔ اس لیے منی بل کا معاملہ بڑا delicate معاملہ ہے اور منی بل کو abuse کیا جا سکتا ہے اپر ہاؤس کو eliminate کرنے کیلئے اس کے رول کو کم کرنے کیلئے جس کا سیف گارڈ ہونا چاہیئے اور یہی وہ چیز ہے جس کی بنا پر ہمیں اس مسئلے پر آپ کی خدمت میں یہ معروضات پیش کرنی پڑ رہی ہیں۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

جناب والا! میں یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ذرا ایک لمحے کے لیئے یہ بھی غور کر لیجئے کہ تبدیلی کیا کی گئی ہے؟ اب تک آپ کے سامنے تفصیل سے یہ بات نہیں آئی کہ فی الحقیقت وہ تبدیلی کیا ہے جو فنانس بل میں بظاہر ایک بڑی معصوم سی ترمیم کے ذریعے کی گئی ہے۔ میں نے جناب والا! کوشش کی ہے کہ اس کی ایک ایک دفعہ کا مطالعہ کروں اور اُسے آپ کے سامنے رکھوں تاکہ آپ جان سکیں کہ جو چیزیں کی گئی ہیں ان کا کوئی تعلق منی بل سے نہیں ہے money matters سے نہیں ہے فنانشل معاملات سے نہیں ہے۔ بلکہ میری نگاہ میں ان کے ذریعے نمبر(۱) شریعت کے قانون کو بدلا گیا ہے مداخلت فی الدین کیلئے۔ نمبر(۲) اس کے ذریعے زکواۃ اور عشر کے نظام کو جس طرح بنایا گیا ہے۔ اس کے پورے سٹرکچر کو اس کے پورے ایڈمنسٹریٹو نظام کو تہہ و بالا کر دیا گیا ہے۔ نمبر(۳) پراونشل اٹانومی۔ جو زکواۃ آرڈیننس میں مصلحت کے اعتبار سے بھی اور شریعت کے اعتبار سے بھی موجود تھی اور جس میں اس بات کا پورا پورا اہتمام کیا گیا تھا کہ اور شریعت کا جو بنیادی اصول ہے یعنی یہ کہ زکواۃ جہاں سے لی جائے سب سے پہلا حق ان لوگوں کا ہے جو اس علاقے سے متعلق ہیں پھر اس سے قریب تر لوگ اس کے بعد پھر پورا ملک اور پھر پوری دنیا۔ یہ ترکیب ہے شریعت کی متعین کردہ زکواۃ کے بارے میں اور زکواۃ آرڈیننس میں اس کا اہتمام کیا گیا تھا کہ لوکل باڈیز، پراونشل باڈیز یہ main ادارے تھے زکواۃ کی تقسیم کے۔ اور ان میں سے کچھ حصہ مرکز میں آتا تھا اگر فاضل ہو۔ ان کا نظام ان کا ایڈمنسٹریشن، لوکل باڈیز اور پراونشل باڈیز تھا۔ لیکن جو تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ اس کے نتیجے میں ایک یونیٹری فارم امپوز کیا گیا ہے زکواۃ کے پورے نظام پر۔ صوبوں کے عمل دخل کو تقریباً ختم کر دیا گیا ہے اور فیڈرل گورنمنٹ نے وزارت خزانہ میں اپنے ہاتھ میں زکواۃ کے پورے روپیہ کو لینے کی کوشش کی ہے۔ ان میں سے کسی بھی چیز کا تعلق کسی منی میٹر سے نہیں تھا یہ سارے کا سارا وہ ایڈمنسٹریٹو سٹرکچر جو زکواۃ کے لیے بنایا گیا تھا جو شریعت کے مزاج کے مطابق تھا اسے تباہ کرنے اور صوبوں سے اختیارات اپنے ہاتھ میں لینے کی کوشش ہے۔ زکواۃ کونسل جو ایک ساورن باڈی تھی اس کے سٹرکچر کو بدلا گیا ہے اس میں تقرر کے نظام کو بدلا گیا ہے۔ اس کے اختیارات کو بدلا گیا ہے اور اس کی وجہ کیا ہے؟ یہاں میں بتاتا ہوں کہ یہ malafide کیوں ہے یہ malafide اس لیئے ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت نے برسر اقتدار آنے کے بعد پنجاب کیلئے اپنے ایم این ایز کو چاہے وہ منتخب ہو گئے ہوں انتخاب میں شکست کھا گئے ہوں ان کو زکواۃ ایڈمنسٹریٹر بنانے کی کوشش کی۔ سنٹرل زکواۃ

کونسل اور پراونشل زکوٰۃ کونسل نے اس کو ماننے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ قانون کے خلاف ہے۔ قانون یہ کہتا ہے کہ کوئی سیاسی اپائنٹمنٹس نہیں ہو سکتیں۔ سیاسی پوزیشن رکھنے والے افراد کو اس میں انوالو نہیں کیا جائے گا۔ اس پر بڑی خفگی ہوئی زکوٰۃ کونسلز کو لوکل اور ڈسٹرکٹ سطح پر احکامات دیئے گئے کہ فلاں فلاں کو زکوٰۃ دے دو۔ انہوں نے اُس سے انکار کیا کہ ہم ایک ساورن باڈی ہیں، قانون کے تحت کام کر رہے ہیں آپ کی سیاسی خدمت ہم انجام نہیں دیں گے۔ اس کی سزا دینے کیلئے فنانس بل میں تبدیلیاں کی گئی ہیں جس میں سے ایک میں آپ کو پڑھ کر سناتا ہوں۔ اور بتاتا ہوں کہ اس کی implications کیا ہوں گی۔ جناب والا! فنانس بل کی کلاز ۹ ہے جس کے ذریعے تباہی مچائی گئی ہے۔

The following amendments shall be made in Zakat and Ushr Ordinance, 1980:

سب سے پہلی تبدیلی کیا ہے۔ سب سے پہلی تبدیلی کی گئی ہے زکوٰۃ آرڈی نینس ۱۹۸۰ء کے سیکشن ایک کلاز (بی) میں۔ اصل دفعہ یہ تھی کہ

"Expenditure on the collection, disbursement and administration of Zakat and Ushr provided that the expenditure on the Central Zakat Council and the Administrative Organization or the Administrator General shall be met by the Federal Government that on the Provincial Zakat Council and the Administrative Organization of the Zakat Administrator and that of a District Committee, Tehsil, etc. etc. and that of a local body from the Local Zakat Fund not exceeding 10% of the receipts. Provided further that the banking services and the services connected with the assessment or collection of Zakat would be free."

اب اس کو چیلنج کر کے یہ کیا گیا ہے۔

"Provided that the expenditure on the Central Zakat Council, a Provincial Zakat Council, the Administrative Organization of the Administrator General or a Chief Administrator and that on a District Committee, Tehsil Committee, Taluqa Committee or Sub-Division Committee shall be met by the Federal Government and that as a local committee for the purpose of Zakat Fund not exceeding 10% of the receipts in that fund during the year."

[Prof. Khurshid Ahmed]

اسکے معنی یہ ہوئے کہ اب صرف دو ٹائیر ہیں ۔ ایک فیڈرل گورنمنٹ اور سنٹرل زکوٰۃ کونسل اور پھر لوکل کونسل بیچ میں پراونشل کونسل کا جو سب سے اہم لنک تھا اور جس کے پاس اس وقت میجر اختیارات تھے اپنے صوبے میں جمع زکوٰۃ کرنے کے اور disburse کرنے کے اور excess کو ریلیز کرنے کے اس کو یہاں سے eliminate کر دیا گیا ہے ۔ اب یہ centralize ہوں گے منسٹری آف فنانس میں اور سنٹرل زکوٰۃ کونسل فیڈرل حکومت کے ماتحت یہ سارے کام انجام دے گی ۔ اس کے آگے جناب والا سیکشن 9 کا سب سیکشن (1) ہے جس میں اصل چیز یہ تھی کہ

9-(1) "The Central Zakat Council shall make disbursements and transfer funds to a Provincial Zakat Fund, in such form and manner as may be prescribed and as would help in ensuring satisfaction of the needy and the poor, throughout the country as far as possible on a uniform basis."

اس میں change کر کے بظاہر ایک معمولی سی تبدیلی ہے اور وہ تبدیلی یہ ہے کہ سیکشن 9 سب سیکشن (1).

9-(1) "In Section 9, sub-section (1) after the word 'Central Council', the commas and words with the prior approval of Federal Government shall be inserted."

یعنی جو انتہائی جو sovereignty جو آزادی جو اختیار جو independence زکوٰۃ کونسل کو حاصل تھی وہ ختم ہو گئی اب زکوٰۃ کونسل خود یہ کام نہیں کر سکتی اسے پہلے فیڈرل گورنمنٹ سے اجازت لینی ہو گی ۔ جناب والا! آپ کی میں اجازت چاہتا ہوں کہ یہاں صرف ایک چیز آپ کی خدمت میں اور لے آؤں کہ مسلمان فقہاء نے زکوٰۃ کے بارے میں بڑا ہی حساس attitude اختیار کیا ہے ۔ اور انہوں نے یہ کہا ہے کہ وہ حکومت جو اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کی پابند نہ ہو وہ حکومت جو اس تقدس کا پاس نہ کرے تو ایسی حکومت پر زکوٰۃ کے معاملات میں اعتماد نہیں کیا جا سکتا ۔ یہی وجہ تھی کہ جس وقت زکوٰۃ آرڈیننس بنا ہے اور مجھے فخر ہے کہ اس کی ڈرافٹنگ میں میرا اور پلاننگ کمیشن کا بڑا حصہ ہے ۔ ہم نے اس بات کا پورا پورا اہتمام کیا تھا کہ جو بھی حکومت وقت ہو وہ جس طرح جوڈیشری کی independence ہے اسی

طرح independence زکوٰۃ کے نظام کو برقرار رکھے گی اس میں روز مرہ کے interference پولیٹیکل وجوہ سے کوئی بھی حکومت نہ کر سکے ۔ وہ حکومت مسلم لیگ کی ہو جماعت اسلامی کی ہو پیپلز پارٹی کی ہو کسی کی بھی ہو ۔ اس لیے ہم نے سٹرکچر یہ بنایا کہ یہ parallel نظام ہوگا بورڈ آف ریونیو کے تحت نہیں ہوگا منسٹری آف فنانس سے لنک نہیں ہوگا ۔ صوبوں میں بھی یہ شکل نہیں ہوگی اور چھتیس ہزار زکوٰۃ لوکل کمیٹیوں سے لے کر سنٹرل زکوٰۃ کونسل تک ایک self-contained نظام کام کرے گا اسی لیئے ہم نے فیڈرل گورنمنٹ، پراونشل گورنمنٹ کی direct interference اس میں روک دی اور ہر دروازہ بند کیا ۔ کل کوئی بھی گڑبڑ ہو سکتا ہے ۔ اچھے بھی ہو سکتے ہیں برے بھی ہو سکتے ہیں لیکن یہ ہے کہ safeguard کرنا ضروری ہے ۔ میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ مسلمان فقہا کا نقطہ نظر کیا رہا ہے فقہ زکوٰۃ میں یوسف قضاوی لکھتے ہیں کہ اس میں شبہ نہیں کہ جن حکمرانوں کے بارے میں صحابہ کرام کی یہ آراء ہیں کہ انہیں زکوٰۃ دی جائے وہ مسلمان تھے اور اسلام کے پابند تھے اور اسلام کو نظام حکمرانی کے طور پر قائم کیئے ہوئے تھے ۔ بلکہ اس کیلئے جہاد کرتے تھے اسلام کے نام پر اور اس کے جھنڈے تلے فتوحات حاصل کرتے تھے ۔ اگرچہ بعض حکام اس کی خلاف ورزی بھی کرتے تھے ۔ اور دنیا کو ترجیح دیتے تھے اور اپنی خواہشوں کی پیروی کرتے تھے ۔ یہ ہمارے دور کے حکمرانوں سے مختلف ہیں جنہوں نے اپنا تعلق اسلام سے منقطع کر لیا ہے ۔ اسے پس پشت ڈال دیا ہے قرآن کو ترک کر دیا ہے اور بعض تو دشمنان اسلام بن گئے ہیں اور اسلام کے دشمنوں کی ایجنٹی کر رہے ہیں ان کی مالِ زکوٰۃ سے مدد نہیں کی جا سکتی کہ یہ کفر اور الحاد پھیلائیں، زمین میں فساد برپا کریں غرض حاکم کا اسلام کا پابند ہونا، اسے زکوٰۃ دینے کیلئے شرط لازم ہے ۔ علامہ رشید رضا نے بھی اس کے اوپر بڑی مفصل بحث کی ہے جو مصر کے بہت بڑے عالم تھے انہوں نے کہا ہے کہ آج کل مسلمان اصل اسلامی حکومت سے محروم ہیں اور ایسی اسلامی حکومت جس میں اسلام کی دعوت دی جائے اور اس کی مدافعت کی جائے حدود قائم کی جائیں اور ان مصارف کو وہاں صرف کرے جو اللہ نے ان کیلئے مقرر کیئے ہیں اب تک صورتحال یہ ہے کہ یا تو مسلمان انگریزوں کے غلام ہیں یا مسلمانوں پر ایسے افسران مسلط ہیں جو خود مرتد اور بے دین ہیں اور نام نہاد مسلمانوں ....

.... غیر مسلموں کے ایجنٹ بنے ہوئے ہیں مسلمانوں کے تمام معاملات اور مسائل میں

[Prof. Khurshid Ahmed]

ان کی پالیسیاں نافذ کر رہے ہیں تو ظاہر ہے کہ ایسی حکومتوں کو زکواۃ دینا درست نہیں ہو سکتا خواہ ان کا سرکاری دین اسلام ہی کیوں نہ ہو۔

جناب والا! یہ وہ وجوہ تھیں جن کی بنا پر ہم نے اس کیلئے وہ نظام بنایا تھا کہ زکواۃ کونسل خود مختار ادارہ ہو اور اس قانون کے تحت اپنے فریم ورک میں یہ کام انجام دے لیکن اس ایک ترمیم کے ذریعے ہر اُس چیز کو جس میں اس کی اٹانومی تھی ختم کر دیا گیا ہے آپ اگلا حصہ دیکھیئے سیکشن ۱۲، یہ بڑی اہم ترمیم ہے، سیکشن ۱۲ ڈیل کرتا ہے زکواۃ کونسل کی تشکیل سے، زکواۃ کونسل کا چیئرمین جو ہے اس کے بارے میں اصل قانون میں یہ چیز تھی

"The Chairman of the Central Council shall be a person who is or has been a Judge or an ad hoc Judge of the Supreme Court to be nominated by the President in consultation with the Chief Justice of Pakistan".

اب آپ کو معلوم ہے اس میں کیا ترمیم کی گئی ہے اب ترمیم یہ کی گئی ہے کہ اس میں یہ الفاظ بڑھا دیئے جائیں۔

"or is qualified for appointment as"

۔ جناب والا! ان دونوں میں زمین و آسمان کا فرق ہے جو شخص جج مقرر کیا گیا ہو یا جج رہا ہو اس کی ایک خاص حیثیت ہوتی ہے اس پر قوم نے اعتماد کیا ہے اور آج تک ذمہ داری کے نازک مناصب ایسے لوگوں کو سونپے گئے ہیں لیکن یہاں یہ اضافہ کر کے "or is qualified for appointment as" اس کے معانی یہ ہیں کہ کوئی بھی وکیل جس نے ۱۵ سال تک بریف لیا ہو اور وہ پارٹی کے مقاصد serve کر سکتا ہو اس کو وہاں لایا جا سکتا ہے ہم نے یہ دروازہ بند کیا تھا تاکہ ایسی تقرریاں نہ ہو سکیں بلکہ کوشش کی گئی تھی کہ فی الحقیقت جو افراد جوڈیشری کے رکن رہے ہیں وہ معتبر ہیں ہم ان پر اعتماد کرتے ہیں اور وہی لوگ آئیں اس لیے exclude کیا گیا تھا اس بات کو جو بالعموم اور tribunals کی appointment کے بارے میں ہوتا ہے لیکن اب ترمیم یہ کی گئی ہے کہ اس "or is qualified to be appointed" کیلئے جج ہونا یا رہنا کافی نہیں ہے بلکہ "is qualified to be appointed" ایسے افراد کو بھی سنٹرل زکواۃ کونسل کا چیئرمین لگایا جا سکتا ہے یہ اس بات کے لیئے دراصل دروازہ کھولنا ہے

کہ سیاسی appointments ایسے وکیلوں کی کہ جو ۱۵ سال کے بریف رکھتے ہوں پیپلز پارٹی کے افراد ہوں ان کو اس طرح زکوٰۃ کونسل پر مسلط کیا جا سکے۔

اگلی ترمیم دیکھیئے جناب سیکشن ۱۴ میں اور یہ بڑی اہم ہے سینیٹ کے viewpoint سے سیکشن ۱۴ صوبائی زکوٰۃ کونسل سے ڈیل کرتی ہے اس کے سب سیکشن (۱) میں۔

"In each province the Provincial Government shall by notification in the official gazette establish a Provincial Zakat Council to exercise general superintendence and control over matters relating to Zakat and Ushr", etc., etc.

اس میں تبدیلی کی جا رہی ہے۔

"In sub-section (1) after the words 'the Provincial Government shall', the word and comma 'the Federal Government shall in consultation with the Provincial Government' be substituted".

تو معلوم ہوا کہ صوبائی حکومت کا دائرہ نکال دیا گیا اب یہ صوبائی زکوٰۃ کونسل کی تقرری جو ہے وہ فیڈرل حکومت کرے گی یہ provincial autonomy دو صوبے جہاں پیپلز پارٹی کی حکومت نہیں ہے ان کو قابو میں کرنے کیلئے اور زکوٰۃ فنڈ کو اپنے ڈسٹرکٹ مصرف میں لانے اور زکوٰۃ فنڈ کے اوپر one unit قائم کرنے کیلئے یہ کام کیا گیا ہے اس کے ذریعے صرف پراونشل گورنمنٹ کے ادارے کو نکالا گیا ہے باقی ساری conse- quential changes ہیں کہ جس میں ہر جگہ ہے کہ گورنر کی جگہ فیڈرل گورنمنٹ یہاں بھی وہی کیا گیا ہے کہ صوبائی حکومت کا جو کونسل کا جو چیئرمین ہے جو جج ہونا چاہیئے وہاں بجائے اس کے وہ جج ہو ہائی کورٹ کا وہ 'qualified to be appointed as Judge of the High Court'

گویا کہ دس سال کوئی بھی بریف رکھنے والا وکیل جو ہے اسے وہاں impose کیا جا سکتا ہے آگے چل کر پھر یہی چیز کہ گورنر کی جگہ فیڈرل گورنمنٹ گورنر کی جگہ فیڈرل گورنمنٹ تقریباً یہ ساری ترامیم ہیں جن کے ذریعے سے provincial autonomy کو اور Provincial Zakat Council کے provincial character کو ختم کیا جا رہا ہے اور اس کو integrate کیا جا

[Prof. Khurshid Ahmed]

رہا ہے فیڈرل حکومت کی وزارت خزانہ کے ساتھ۔

اس کے بعد جناب سیکشن ۲۶ میں ترمیم کی گئی ہے یہاں بھی وہی چیز ہے سیکشن ۲۶ یہ تھا

'The Central Council may be notification in the official gazette make rules for carrying out the purposes of this Ordinance'

جناب والا! آپ اس بات کو جانتے ہیں کہ رولز کا بنانا کتنا اہم ہوتا ہے اور یہ ایک ادارے کی internal autonomy کو safeguard کرنے کے لیے ضروری تھا کہ رولز بنانے کا اختیار بھی کونسل کو دیا جائے اسی طرح جس طرح کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی کو اپنے رولز بنانے کا اختیار حاصل ہے لیکن ایک بڑی معمولی سی ترمیم کر دی گئی ہے جس کی implications بہت شدید ہیں اور وہ یہ ہے کہ

'The Central Council may with the prior approval of the Federal Government'

آگے پھر کہا جا رہا ہے کہ

'In the proviso after the words Central Council occurring for the first time the words "with the prior approval of the Federal Government" be added.

اب معلوم ہوا کہ کونسل کا یہ اختیار کہ وہ اپنے لیے رولز بنا سکے وہ بھی لے لیا گیا ہے کونسل حکومت کے تابع ہو گئی کونسل کا چیئرمین جو ہے اس کو بنانے کے لیے دروازہ کھول دیا گیا ہے کہ جس وکیل کو چاہیں لے آئیں اس کے لیے سپریم کورٹ کا جج ہونا ضروری نہیں رہا کونسل کو رولز بنانے کا اختیار باقی نہیں رہا بلکہ وہ رولز بھی with prior approval of the government کرے گی اور صوبے اور مرکز کا relationship جو ہے وہاں بھی وہ سنٹرل کونسل یہ کام نہیں کر سکتی بلکہ فیڈرل گورنمنٹ یہ کام کرے گی

اگلی ترمیم جناب والا! سیکشن ۲ کے بارے میں ہے جس میں یہ ہے یعنی ایک نیا سب سیکشن اس کے لیے بنایا گیا اور وہ یہ کہ

"The Central Council shall make such amendments in the rules as the Federal Government may from time to time direct".

جو بھی سہی آزادی تھی وہ بھی ختم ہو گئی، prior approval بھی ضروری ہے اور جو حکمنامہ یہ بھیج دیں سنٹرل زکوٰۃ کو اپنے رولز میں وہ تمام ترامیم کرنا ان کے لیے لازمی ہے۔ آپ جناب والا! اگر اس کا مطالعہ کریں تو آپ یہ پائیں گے کہ اس کے ذریعے سے پورے آرڈیننس کا حلیہ بگاڑ دیا گیا ہے اس کے ذریعے سے اب وہ زکوٰۃ نہیں رہی وہ حکومت کے ٹیکس کی طرح کی ایک چیز بن گئی اس کے ذریعے سے زکوٰۃ کونسل کو جو اٹانومی دی گئی تھی وہ ختم ہو گئی وہ وزارت خزانہ کی تابع مہمل بن گئی اس کو رولز بنانے کی آزادی باقی نہیں رہی اس کے ذریعے سے پراونشل اٹانومی باقی نہیں رہی ہے اس کے ذریعے سے صوبائی زکوٰۃ کونسل غیر مؤثر بلا اختیار ایک ادارہ بن گئی ہے ایک centra- lization کا کام خاموشی سے انجام دے دیا گیا ہے اور تمام معاملات کو وزارتِ خزانہ کے تحت لے لایا گیا ہے۔ جناب والا! میں آپ کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب آپ اس مسئلے پر غور کریں تو آپ زکوٰۃ و عشر آرڈیننس کے Preamble کا ضرور مطالعہ کریں اور اس Preamble میں intent of the legislator واضح ہے کہ یہ financial arrangement نہیں تھا یہ ٹیکسیشن کا سسٹم نہیں تھا یہ کوئی حکومت کو دینے والی چیز نہیں تھی بلکہ صاف الفاظ میں کہا گیا ہے کہ

Whereas Zakat, including Ushr, is one of the fundamental pillars of Islam; And whereas the prime objective of the collection of Zakat and Ushr, and disbursements therefrom, is to assist the needy, the indigent and the poor; And whereas the rates of Zakat and Ushr, as also the purposes for the utilization of Zakat and Ushr, are specified in Shariah; And whereas Shariah enjoins all Muslims who are sahib-e-nisab to pay, and the State to arrange for the proper collection, disbursement and utilization of Zakat and Ushr and also allows such Muslims to disburse for the purposes authorized by Shariah the part thereof not collected by the State ;

یہ تھی وہ بنیاد جس پر کہ یہ آرڈیننس بنا تھا لیکن مالی بل کے ذریعے سے شب خون مار کر ایک ایسی territory میں جس کا فنانس بل سے کوئی تعلق نہیں ہے کوشش کی گئی ہے کہ زکوٰۃ اور عشر کے پورے نظام کو تباہ کر دیا جائے جو اعتماد مسلمانوں نے اس نظام پر کیا ہے اور اس کے لیے بڑھ چڑھ کر پیسہ دیا ہے اس کو ختم کر دیا جائے میں آپ کو یاد دلاتا ہوں کہ جس کیبنٹ نے یہ فیصلہ کیا تھا اس میں اس وقت کے

[Prof. Khurshid Ahmed]

وزیر خزانہ نے یہ بات کہی تھی کہ ہمیں اس بات کا خطرہ ہے کہ اگر مسلمانوں کو یہ معلوم ہو گا کہ فلاں تاریخ پر زکوٰۃ کٹتی ہے تو اس سے پہلے اپنا پیسہ بنکوں سے نکال لیا کریں گے ہم نے کہا آپ تجربہ کر کے دیکھ لیں تجربہ کیا گیا وہی مسلمان جو ٹیکس evade کرتے ہیں زکوٰۃ کے معاملے میں انہوں نے کوشش کی کہ بڑھ چڑھ کر زکوٰۃ دیں اور ہر سال بنک سے کٹوتی میں اضافہ ہوا ہے کمی نہیں ہوتی یہ صرف اس اعتماد کی بنا پر تھا کہ یہ نظام ایک independent نظام ہے حکومت temper with نہیں کر رہی ہے یہ شریعت کے مطابق جمع کیا جا رہا ہے اور شریعت کے مطابق اسے خرچ کیا جائے گا لیکن فنانس بل کی اس ترمیم کے ذریعے اس نظام کو بالکل ختم کر دیا گیا ہے۔

یہ وہ بنیادی چیز ہے جناب والا! جو میری نگاہ میں "مداخلت فی الدین ہے" جو میری نگاہ میں پراونشل اٹانومی کو ختم کرنے کے مترادف ہے لیکن جو میری نگاہ میں اس ایوان کے استحقاق کو بھی مجروح کرنے والی ہے اور اس ایوان کا استحقاق اس لئے مجروح ہوتا ہے زکوٰۃ وعشر آرڈیننس میں تبدیلی ہونی چاہیئے تھی ایک ایکٹ آف پارلیمنٹ کے ذریعے سے جو دونوں ایوانوں میں پاس کیا جائے لیکن یہ کوشش کی گئی ہے تاکہ سینٹ کو bypass کیا جا سکے۔ جناب والا! میں آپ کے علم میں یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ وہ چیز جو اس ایوان کو اپنے فرائض منصبی ادا کرنے کی راہ میں حائل ہو رہی ہو obstruct کرتی ہو impede کرتی ہو وہ privilege کے تحت آتی ہے میں خصوصی سے آپ کی توجہ مبذول کراؤں گا اس مسئلے کی طرف کیونکہ یہ چیز بھی آپ نے بار بار کہی ہے اور میں خود بھی اس بات کا احساس رکھتا ہوں کہ ہمیں یہ ثابت کرنا ہو گا کہ ہمارا privilege جو ہے وہ مجروح ہوا ہے یعنی اس سلسلے میں ہمیں جو بحث ملتی ہے contempt of House کے باب میں وہ یہ ہے کہ ایوان کو اپنے فرائض ادا کرنے کا موقع نہ دیا جائے میری نگاہ میں ان دونوں کا تعلق آج کی اس بحث سے ہے اگر یہ بات ثابت ہو جائے کہ یہ اس ایوان کی ذمہ داری تھی کہ زکوٰۃ و عشر آرڈی ننس میں جو بھی تبدیلی ہو وہ دونوں ایوانوں کے ذریعے سے ہو اور وہ راستہ اختیار کیا جائے جس کے ذریعے سینٹ کو bypass کیا جائے اور صرف ایک ہاؤس وہ

قانون پاس کر لے تو یہ واضح طور پر سینیٹ کے دائرہ کار کو محدود کرنا اس کے فرائض منصبی کی ادائیگی سے اس کو روکنا اور اس کے privilege کو مجروح کرنا ہے جناب والا آپ کے علم میں یہ بات ہو گی اور میں اس کے لیے دستور کی دفعہ ۹۷ کی طرف آپ کی توجہ مبذول کرانا چاہوں گا کہ دستور کی دفعہ ۹۷ میں اس بات کو بالکل واضح کر دیا ہے کہ وہ تمام آئٹم جو کنکرنٹ لسٹ پر ہوں صرف اس وقت فیڈرل حکومت ان پر تصرف کر سکتی ہے جب ایکٹ آف پارلیمنٹ کے ذریعے کوئی تبدیلی لائی جائے ۹۷ میں صاف الفاظ میں یہ بات کہی گئی ہے کہ

"Provided that the said authority shall not, save as expressly provided in the Constitution or in any law made by Majlis-e-Shoora (Parliament), extend in any Province to a matter with respect to which the Provincial Assembly has also power to make laws."

اب اگر آپ فیڈرل لسٹ کو دیکھیں تو آپ یہ پائیں گے کہ جہاں تک زکوٰۃ کا تعلق ہے واضح طور پر یہ Concurrent Legislative List میں ہے آئٹم نمبر ۴۰ اس کا تعلق فیڈرل لسٹ نمبر ا سے نہیں ہے اس کا تعلق فیڈرل کنکرنٹ لسٹ سے ہے اور کنکرنٹ لسٹ کے معنی یہ ہیں جب تک دونوں ایوانوں میں اس کے اوپر قانون سازی نہ ہو جائے اس وقت تک فیڈرل گورنمنٹ کو اختیار نہیں ملتا کہ وہ اسے change کر سکے۔ عشر و زکوٰۃ آرڈی نینس میں تبدیلی دونوں ایوان کر سکتے ہیں کوئی ایک ایوان نہیں کر سکتا لیکن اس وقت راستہ یہ اختیار کیا گیا کہ ایک ایوان نے دوسرے ایوان کو bypass کرتے ہوئے اس کے جائز قانونی حق سے محروم کیا اور فنانس بل کا سہارا لیتے ہوئے ایسی امنڈمنٹس کر ڈالیں جن کا کوئی تعلق منی بل سے نہیں تھا جن میں کسی ڈائریکٹ یا ان ڈائریکٹ ذریعے سے بھی یہ معاملہ نہیں آ رہا ہے اس پر جناب والا! دو اعتراض کیے جا سکتے ہیں میں چاہوں گا کہ ان کا جواب بھی دے دوں پہلا اعتراض تو یہ ہے کہ بدقسمتی سے اس سے پہلے ۱۹۸۷ء میں ایک فنانس ایکٹ کے ذریعے سے ترمیم کی گئی تھی جس کے ذریعے زکوٰۃ و عشر آرڈی نینس میں حکومت نے اپنے اختیار میں ایک چیز لی تھی اور وہ یہ کہ

[Prof. Khurshid Ahmed]

"Provided further that the Federal Government may by notification in the official gazette exempt any class of bonds or certificates issued by the Federal Government or statutory corporation, company or other enterprize owned directly or indirectly by the Federal Government, a Provincial Government, a local authority or a corporation owned by the Federal Government or a Provincial Government either singly or jointly with one or more of the other three from deduction of Zakat on compulsory basis."

میری نگاہ میں وہ امنڈمنٹ بھی غلط تھی اور یہ آن ریکارڈ ہے کہ واپڈا کے سلسلے میں، میں نے اس سوال کو اٹھایا اس ایوان میں کہ واپڈا کو زکوٰۃ سے exemption دینا شریعت کے خلاف ہے اور اس وقت کے فنانس منسٹر نے یہ بات کہی کہ ہم نے اس کے لیے اختیار اس ترمیم کے ذریعے لیا ہے اور میں نے اس کے اوپر یہ بات کہی کہ نہ یہ اختیار آپ کو حاصل ہے اور جو طریقہ آپ نے اختیار کیا وہ غلط تھا۔

دوسری بات جناب والا! یہ ہے کہ پچھلی ترمیم میں جو بات کی گئی ہے وہ ایک بہت ہی معمولی سی چیز ہے جس کا تعلق فنانشل میٹرز سے ان ڈائریکٹلی ہے یعنی بانڈز جو ہیں آیا ان پر گورنمنٹ exemption دے یا نہ دے میری نگاہ میں وہ غلط ہے لیکن جو ترمیم اب کی گئی ہے اس کا تعلق کسی مالی معاملے سے نہیں ہے وہ سارے کے سارے اس کے ایڈمنسٹریٹو structure اس کی اٹانومی اس کا provincial arrangement اس کے appointments اس کی ورکنگ اس کے رولز بنانے کا اختیار ان تمام معاملات سے ہے جو directly یا indirectly یا incidental کا سہارا لیکر کسی پہلو سے بھی اختیار میں نہیں آتے دوسری چیز یہ ہے کہ ایک غلطی دوسری غلطی کے لیئے بنیاد نہیں بن سکتی قانون کا ایک violation قانون کے دوسرے violation کے لیئے وجہ جواز نہیں بن سکتا اس لیے جناب والا! یہ بات آپ کے سامنے رہنی چاہیئے کہ ہم نے اس وقت بھی اس کا نوٹس لیا تھا ہم نے اس وقت بھی اس پر تنقید کی تھی اور ایک غلط کام کو precedent نہیں بنایا جا سکتا آئندہ کے غلط کاموں کے لیے تو اس لیئے جناب والا! میں صاف عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس معاملے میں یہ سہارا نہیں لیا جا سکتا اور یہ فی الحقیقت سینیٹ کو bypass کرنے کی ایک کوشش ہے۔

جناب والا! میں آپ کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ کے علم میں غالباً یہ بات ہے کہ یہ بالکل نئی چیز نہیں ہے کہ کسی ملک کے دو ایوانوں میں ایک ایوان دوسرے ایوان کے ساتھ کوئی زیادتی کرے اور ایسے معاملات میں دوسرے ایوان نے نوٹس لیا ہے اور privilege ہی کی بنیاد پر لیا ہے اس سلسلے کا سب سے پرانا کیس جیسے میں نے پیش کیا ہے وہ سوہویں صدی کا ہے جس میں ہاؤس آف لارڈز نے ہاؤس آف کامنز کے سپیکر کو پریویلیج کی بنیاد کے اوپر گرفتار کیئے جانے کا حکم دیا اور اسے گرفتار کیا گیا اور ہاؤس آف کامنز نے ایکٹینگ سپیکر کو منتخب کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ بہت پرانی بات ہے ہندوستان میں سنٹرل اسمبلی اور پراونشل اسمبلی کے درمیان اسی قسم کے حالات پیدا ہوئے ہیں اور اس کی بنیاد کے اوپر پروانشل اسمبلی نے privilege کی بنیاد کے اوپر سنٹر کے inter-ference کو لیا تو یہ بڑی تکلیف دہ چیز ہے یہ ناخوشگوار چیز ہے لیکن یہ ایک حقیقت ہے جب ایک ایوان نے ایک ایسا راستہ اختیار کر لیا ہے جس کے نتیجے کے طور پر دوسرے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا تو پھر اس ایوان کا فرض ہے کہ وہ اس کا نوٹس لے۔

اب جناب والا! آپ نے وہ سوال اٹھایا تھا دستور کی رو سے سپیکر کا جو discretion ہے میں نے بھی اس کو بغور پڑھا ہے اور کلاز (5) (4) دونوں کو اگر آپ ساتھ ساتھ پڑھیں تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ سپیکر کو یہ اختیار ہے اور اس کو اس وقت finality دی گئی لیکن میری نگاہ میں سب سے پہلی چیز یہ ہے۔ کہ اگر سپیکر صحیح نتیجہ پر نہیں پہنچتا، اسپیکر، above error نہیں ہے، اسپیکر کو کوئی divine right حاصل نہیں ہے اور سپیکر کے پاس ہر علم کا extra human source نہیں، وہ انسان ہر جو چیزیں اس کے سامنے پیش کی جائیں ان کی بنیاد پر وہ طے کرتا ہے کسی بھی نظام میں اس بات بات کی گنجائش ہونی چاہیئے کہ اگر کہیں بھی غلطی ہوتی ہے تو اس کا تدارک ہو سکے۔ میری نگاہ میں پہلی چیز یہ ہے کہ صدر کو assent دینے سے پہلے اس مسئلہ کو review کرنا چاہیئے تھا اور دستوری حق کو استعمال کرتے ہوئے reconsider کرنے کے لئے بھیجنا چاہیئے تھا۔ یہ اختیار اسے حاصل ہے۔ دوسری چیز یہ ہے کہ اس ایوان کا یہ فرض ہے کہ اگر اس ایوان کے کسی استحقاق کو مجروح کیا گیا ہے تو یہ ایوان privilege کی بنیاد پر اس پر غور کرے۔ privileges کمیٹی میں بات کی جائے۔ اس میں حکومت کے نمائندے بھی آئین نیشنل اسمبلی کے

[Prof. Khurshid Ahmed]

نمائندے بھی آئین۔ ان میں گفتگو ہو political dialogue ہوں دلائل دئیے جائیں افہام و تفہیم ہو، اور کوئی راستہ نکالا جائے۔ تیسرا راستہ اس کا یہ ہے کہ عدالت میں جایا جائے، اور یہ بات عدالت طے کرے کہ آیا سپیکر نے اس معاملے میں صحیح judgement دیا ہے یا نہیں، میں سمجھتا ہوں کہ تینوں راستے کھلے ہوئے ہیں، اور کم از کم اس ایوان کے سامنے نمبر ایک راستہ یہ موجود ہے کہ ہم اپنے استحقاق کے تحفظ کے لیئے privileges کمیٹی میں اس کو لے کر جائیں اور وہاں حکومت کو اس بات کا موقع دیں کہ وہ وہاں آ کر اپنی بات کرے اور اس طرح ہم اس کو on merit examine کر سکیں۔ کوئی چیز میری نگاہ میں اس کلاز کے اندر ہمیں نہیں روکتی کہ ہم اپنے کسی استحقاق کے مجروح ہونے کو pursue نہ کریں، اس پر غور نہ کریں، اس کی تلافی کی کوشش نہ کریں تو اس لیئے جناب والا، میری submission یہ ہے کہ یہ چیز ممکن نہیں اور یہ evidence موجود ہے کہ بار بار ایسے حالات پیدا ہوئے ہیں کہ مختلف ایوان جو ہیں، انہوں نے ایک دوسرے کا احتساب کیا ہے، ایک دوسرے کو بلایا ہے، اور اگر ضرورت پڑی ہے تو سزا تک دی گئی ہے، اراکین کو بھی اور باؤ سز کو بھی، اس سلسلہ میں آپ کی توجہ ہنس راج کی کتاب کی طرف دلاتا ہوں۔

Privileges of Members of Parliament in India, 1979

جس میں ہمیں یہ دلچسپ بحث ملتی ہے کہ

"One of the most essential ingredients and integral part of parliamentary privileges is that all those held guilty of contempt of the House, in its collective capacity, or of its individual member, are suitably punished. If the contempt goes unheeded or the House is limited for want of punitive powers the very purpose of extending privilege is defeated. But what constitutes a privilege is a problem.

لیکن آگے جملہ بڑا important ہے۔

It is an evolutionary process to decide by convention as to what is a contempt of a House or of its individual members."

یہ ایک evolutionary process ہے، ایسا نہیں ہے

ایسا نہیں ہے کہ کوئی static ہے۔ اسی بنیاد پر یہ بات اس کتاب میں آگے کہی گئی ہے

"It was considered to be a breach of privilege to either cast any reflection on the sub-committee constituted by the House, or to give deliberately wrong information to it.

In the Legislative Assembly, the Chair also felt that if the dignity of the House was to be preserved, it should not allow any suggestion for insinuation to pass unnoticed. The Chair ruled that a newspaper which incorrectly reported replies to questions given in Legislative Assembly, committed a contempt of the House."

اسی طریقے سے دوسری مثالیں ہیں، اور اس سلسلے میں خاص طور پر

Halisbury کو quote کیا V.V. Chitaley and S. Appu Rao نے

یہ بھی انڈین آئین پر ایک کمنٹری ہے، جس میں وہ یہ کہتے ہیں کہ

"Contempt of the House includes disrespect to the House or its members by any outside authority, reflection on the character of a member of the House or the House as a whole interference with the procedure of the House or its committees, any interference with an officer of the House or any person employed by in the performance of their duties, refusal to obey the orders of the House."

یعنی اس کے اندر یہ تمام چیزیں شامل ہیں کہ کوئی بھی چیز جو ایک ہاؤس کو انجام دینی چاہیئے اگر کسی بنا پر اس کو اس سے محروم کیا جاتا ہے، متاثر کیا جاتا ہے، راستہ روکا جاتا ہے تو یہ ہاؤس کی contempt as a whole ہے اور میرا کہنا یہی ہے کہ خواہ inadvertently کیا جائے فنانس ایکٹ میں ایک ایسے حصے کا اضافہ جس کے نتیجے کے طور پر سینیٹ کو محروم کر دیا جائے اس کے دستوری حق سے، کہ وہ زکواۃ اور عشر آرڈیننس میں ترمیم کو examine کرے، اور on merit اس ترمیم کو منظور کرے یا رد کرے، یہ دراصل سینیٹ کے استحقاق کو مجروح کرنے کے مترادف ہے، یہ سینیٹ کے دستوری رول کو obstruct کرنا ہے، bypass کرنا ہے، اور سینیٹ کا فرض ہے کہ وہ اس کا نوٹس لے، اور وہ راستہ اختیار کرے کہ جس کے نتیجے کے طور پر ہم دستوری تقاضوں کو پورا کر سکیں اور اپنے حق کو ادا کر سکیں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: مولانا سمیع الحق صاحب، آپ نے پروفیسر صاحب کی بحث تفصیل سے سن لی ہے، انہوں نے جن آراء کا اظہار کیا آپ کے ان کے علاوہ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

مولانا سمیع الحق: میں جناب زیادہ وقت نہیں لوں گا، صرف ان کی تقریر میں تھوڑا سا اضافہ کروں گا۔

جناب چیئرمین: تھوڑا سا اضافہ بے شک کر دیں۔

مولانا سمیع الحق: بسم اللہ الرحمن الرحیم، جناب والا! جناب پروفیسر صاحب نے اس موضوع کا ہر پہلو سے احاطہ کر دیا ہے جس سے اس کا ہر پہلو سامنے آگیا ہے، میں صرف مختصراً اس پہلو پر کہ زکواۃ عبادت ہے یا ٹیکس پر روشنی ڈالوں گا۔ یہ اتنا واضح اور طے شدہ، قطعی اور اجماعی مسئلہ ہے کہ اس میں کبھی بھی دو رائے نہیں ہوئی ہیں اس کی سب سے پہلی اہمیت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد ہی سامنے آئی، وہ انتہائی نازک موقع تھا جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ خلیفہ اوّل کے کاندھوں پر ذمہ داری آئی حضور کی وفات کے بعد ایک طوفان اٹھ کھڑا ہوا، ادھر ساری دنیا کی کافر قومیں متحد ہو کر اسلامی سٹیٹ پر یلغار کرنے کا فیصلہ کر چکی تھیں، قیصر روم، اپنی فوجیں جمع کر رہا تھا، ادھر ارتداد کا فتنہ پھیل گیا، قبائل مرتد ہونے لگے، ان حالات میں کچھ لوگوں نے زکواۃ سے انکار کیا کہ ہم اب زکواۃ نہیں دیں گے، وہ تو ہم نے دینی تھی، اور کچھ لوگوں نے اس میں کمی بیشی کرنی چاہی، تو سارے خطرات اور فتنوں کے ہوتے ہوئے حضرت ابوبکر خلیفۃ المسلمین نے فیصلہ کیا کہ زکواۃ کے معاملے میں داخل اندازی کرنے والوں سے جہاد کیا جائے گا۔ اور سارے صحابہ اکٹھے ہوئے کہ حالات اتنے نازک ہیں، ادھر قیصر روم جزیرۂ عرب کی سرحدات پر آچکا ہے، اُدھر کسریٰ یلغار کرنے والا ہے ادھر فتنہ ارتداد پھیلنے والا ہے، اور حضرت ابوبکر کیسے بظاہر سیاست سے بعید فیصلہ کر رہے ہیں، بظاہر اپنے مسلمان کہلانے والوں کے خلاف جہاد کی بات کر رہے ہیں، حضرت عمر کو انہوں نے حضرت ابوبکر کے پاس بھیجا، انہوں نے کہا کہ یہ مصلحت اندیشی نہیں ہے کہ ہم ساری دنیا سے بھی جنگ لڑیں اور اتنا ڈاسٹریکٹ اقدام، زکواۃ کے معاملے میں دخل اندازی کرنے والوں کے خلاف کریں تو حضرت ابوبکر نے حضرت عمر کو ڈانٹتے ہوئے کہا کہ جب جاہلیت کا زمانہ تھا اور آپ مسلمان نہیں تھے، تو بڑے سخت تھے، اور بڑے تیز تیز تھے، اب اسلام کے تحفظ کی بات آگئی۔ پھر حضرت ابوبکرؓ نے اعلان کیا کہ خدا کی قسم میں جہاد کروں گا جنہوں نے نماز اور زکواۃ میں تفریق کرنا چاہی ہے) انہوں نے واضح کیا کہ زکواۃ اور نماز ایک ہی طرح کی اہم چیزیں ہیں، اب نماز میں ذرا بھی کوئی آگے پیچھے

خلل اندازی نہیں کر سکتا مثلاً اس کو مقادر شرعیہ کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی خود مقدار مقرر کی ہے، اس کی نوعیت، کیفیت، کمیت، خود، خدا نے متعین کی ہے۔ مثلاً نماز ہے تو اس کے اوقات بھی خدا نے خود متعین کیئے ہیں، پانچ وقتوں میں کوئی کمی بیشی نہیں کر سکتا۔ نماز فجر کے فرضوں کی دو رکعت۔ ظہر کی چار، عصر کی چار، شام کی تین، اور اسی طرح عشاء کی چار مقرر ہیں، پوری امت بھی جمع ہو کر، ان کو آگے پیچھے یا تبدیل نہیں کر سکتی۔ کہ تین کی بجائے دو کر لیں، دو کی بجائے چار کر لیں، اس کی حکمتیں، مصلحتیں سب اللہ کو معلوم ہیں،......کو مقادیر کہتے ہیں۔ اسی طرح زکواۃ کے لیئے جو خدا نے مقداریں مقرر کی ہیں تو خدا نے خود کہا ہے کہ میں نے یہ متعین کی ہیں......

**جناب چیئرمین**: اس میں تو کمی نہیں ہو رہی ناں سوال تو کچھ اور ہے ---

**مولانا سمیع الحق**: سوال یہ ہے کہ اس میں کوئی change لانا اسکا سٹرکچر بدلنا اسکی مقدار اور اس کے محاصل کو چھیڑنا۔ تو پھر خدا نے کہا "ما قدرنا" یہ عربی کا لفظ ہے اور علماء، فقہاء اسکا ترجمہ کرتے ہیں "ما قدرنا" ما فرضنا کا معنی۔ کہ ہم جانتے ہیں جو کچھ ہم نے زکواۃ کے سلسلے میں قواعد وضوابط اور مقدار متعین کی ہیں۔ اور جیسا کہ پروفیسر صاحب نے اشارہ کیا اللہ تعالیٰ نے اس کے مصارف بھی متعین کر دیئے۔ آٹھ مصارف ایک آیت میں....

**جناب چیئرمین**: نہیں اس میں بھی کوئی تبدیلی نہیں کی جا رہی ہے۔ صرف یہ تبدیلی زیر بحث ہے کہ کیا یہ منی بل بنتا ہے یا نہیں! دوسری بات یہ کہ اختیارات صوبائی حکومتوں سے لے کر یا صوبائی سٹرکچر سے لے کر ایک مرکزی حکومت کو دیئے جا سکتے ہیں یا نہیں۔

**مولانا سمیع الحق**: حضرت اس کی بنیادی روح پر ہمیں توجہ دینی ہے اس میں تبدیلی یہ ہے کہ اس کو ایک ٹیکسیشن کے نظام میں ڈالا گیا ہے اس کو ایک ٹیکس بنا لیا گیا ہے اس سے سارا سٹرکچر آگے چل کر تبدیل ہو جاتا ہے اگر یہ سلسلہ چل پڑا... تو میں عرض کر رہا تھا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے جہاد شروع کیا کچھ لوگ کم دینا چاہتے تھے صرف اتنی سی بات تھی۔ یہاں تو سارا سٹرکچر ہی بدلا جا رہا ہے۔ تو حضرت ابوبکر نے یہ بھی کہا کہ اگر زکواۃ میں سے ایک بکری کی رسی جتنی بھی کمی کرنا چاہیں گے تو تب بھی میں جہاد کروں گا۔ بلکہ یہ کہا کہ دین میں نقصان اور مداخلت کی جائے۔ اور میں زندہ رہوں؟ بعد میں صحابہ نے کہا کہ ابوبکر کا اللہ

[Maulana Sami-ul-Haq]

نے سینہ کھول دیا تھا ورنہ اسلام محفوظ نہ رہتا۔ کوئی نماز میں، کوئی حج میں کمی بیشی کرتا، کوئی روزوں کا سسٹم آگے پیچھے کرتا۔

اسی بل سے سب سے زیادہ نقصان یہ ہوا کہ ایک دروازہ کھول دیا۔ اب مصارف حکومتِ وقت کی مرضی پر ہیں۔ تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ یہ آٹھ مصارف ہیں۔ خدا نے کہا "فریضۃ من اللہ" یہ ایک فرض کی ہوئی چیز ہے اللہ کی طرف سے، اور ٹیکس اللہ کی طرف سے فرض نہیں کیا ہوا ہوتا۔ زکوٰۃ کو حقوق اللہ میں شمار کیا گیا ہے اور جب تم زمین کی کاشت کو کاٹتے ہو۔ اس کا حق یعنی زمین راجع ہے اللہ کی طرف، کہ اللہ کا حق اس میں سے دے دو۔ تو یہ اللہ کا حق ہو گیا ہے اور جو حقوق اللہ ہیں۔ نماز، روزے، حج، زکوٰۃ کے ضمن میں، اس میں کوئی بندہ مداخلت نہیں کر سکتا۔ اور اس کو ٹیکسوں کی طرح خراب کرنا اور نظر انداز کرنا، اس سے سارا سسٹم آگے چل کر تباہ ہو سکتا ہے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ میرا خیال ہے اب مزید ضرورت تو نہیں ہے لیکن آپ (جناب حسن شیخ صاحب سے مخاطب ہو کر) کتنا وقت لیں گے؟

Mr. Hasan A. Shaikh: I would not take more than 2-3 minutes.

Mr. Chairman: O.K. We give you a special permission for two minutes.

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, I don't think that the question of jurisdiction has been considered. Money Bill is a question of jurisdiction and that jurisdiction has been vested in the Speaker of the National Assembly. After his having exercised that jurisdiction, have we any jurisdiction to deal with the matter which in fact has been determined as Money Bill or certified as Money Bill by the Speaker of the National Assembly?

Mr. Chairman: This is a very important question. I agree with you.

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, it is a very important question and therfore, I think, cannot be resolved in the Senate.

Mr. Chairman: But there is a doctrine called jurisdictional fact. If on the determination of a wrong fact a court or tribunal

assumes jurisdiction then that fact can be enquired in to whether it has been correctly defined or not ?

**Mr. Hasan A. Shaikh:** But who can enquire into that? Not the Senate but ....

**Mr. Chairman:** But the courts. I think, it is an important point.

**Mr. Hasan A. Shaikh:** That is all, Sir.

**Mr. Chairman:** Yes, Prof. Khurshid Ahmed.

**پروفیسر خورشید احمد:** میں صرف ایک منٹ عرض کروں گا وہ یہ ہے کہ جہاں تک
ہمارے اس معاملے میں ہمارے شیعہ بھائیوں کا تعلق ہے یعنی فقۂ جعفریہ کے تحت بھی اور
اقتصادنا باقرالصدر کی جو کتاب ہے انہوں نے بھی یہ بات کہی ہے کہ زکواۃ ٹیکس نہیں ہے
اور خود ایران کے قانون اور دستور کو آپ دیکھیں تو وہاں زکواۃ کی collection
کا نظام جو اسلامی انقلاب سے پہلے تھا ان کے ہاں قاعدہ یہ ہے جو religious
authority ہے اسی کو زکواۃ دی جا رہی ہے اس میں کوئی تبدیلی
نہیں ہوئی۔ تو اس طرح جو پوائنٹ اٹھا تھا میں نے کہا جواب دے دوں کہ اس معاملے میں
کوئی اختلاف نہیں ہے شیعہ اور سنی عقائد میں۔

**جناب چیئرمین:** شکریہ جی جناب جاوید جبار صاحب۔

**Mr. Javed Jabbar:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم Mr. Chairman, at the outset in opposing the admissibility of this privilege motion I am struck by the fact that so much hard work so much sincerely done hard work, so many profoundly relevant as well as significantly irrelevant quotations have been used to tell us that the world is round. There is absolutely no disputing the fact that this government like every government of Islamic country like Pakistan accepts the sanctity of the principle of Zakat. That is not the issue raised by the privilege motion. Neither is it the view point of the Federal Government that the status of the Senate be circumscribed by means of a law. It is this Federal Government which is the inheritor of a very glorious tradition

[Mr. Javed Jabbar]

established by the first PPP Government which recognized the federal concept of Pakistan which pioneered the concept of a balancing bicameral legislative concept, to ensure that the rights of the provinces, the rights of the people living in minority provinces in particular be protected by the Constitution. It is indeed the view point of this government that the original sanctity of the 1973 Constitution be restored in order to ensure the permanence and the supremacy of a bicameral legislative system.

So, in opposing the admissibility of this privilege motion we would like to begin by stating very clearly that the Federal Government is committed to the irrevocable unquestionable sanctity of the principle of Zakat. The admissibility of this privilege motion must be judged on the grounds that are relevant to admissibility not to questions of an ideological interpretation which can be covered in debates in a motion separately from the present one.

I belive that this motion is inadmissible not just on the technicalities inherent in the written text of the Rules of Procedure but on a very conceptual and fundamental basis because inadvertently perhaps this privilege motion raises the most interesting question. If we are to assume that a breach of privilege has been committed, who has committed this breach of privilege? If at all the intent is to hold the members of the National Assembly as having committed a breach of privilege, members of an Assembly elected on possibly the freest, fairest general elections held in the history of Pakistan without any incumberance of Martial Law legal framework, orders or whatsoever. The most explicity mandate given by the people of Pakistan is evident unfortunately not in the Senate which still reflects the elections held on a non-party basis but in the composition of the four Provincial Assemblies and the National Assembly. Now, those elected representatives have duly chosen to consider a law called the Finance Act, 1989 and have passed it.

Let us go to the second possibility - has breach of privilege been committed by the Speaker of the National Assembly who represents the very epitome of the dignity, the wisdom of the elected representatives of the people, who is perhaps as conscious as we are of the rights of the people ? With great respect even though I belong with pride and honour to this Senate, this august forum, one must remember that this remains an indirectly elected forum. The Speaker of the National Assembly is not only himself a directly elected representative. He is the sum total of a dignity of the directly elected representatives of the people. It is unthinkable that the Speaker of a National Assembly would wish to commit deliberately a breach of privilege of any other legislature.

Finally, Mr. Chairman, we come to the third possibility. Has the President of Pakistan who, according to the Constitution, has to finally authenticate a Money Bill which he has duly done? Has the President of Pakistan also possibly committed breach of privilege which brings us to the concept of parliament itself? Is parliament divisible in terms of privilege? There is a conjoint, congenital sense of being part of an indivisible entity because parliament as is well known is defined to consist of the President and the two Houses of parliament. Now, we have a situation here where 2/3rds, if we are to divide it for the purposes of argument - 2/3rd of parliament have duly, through totally democratic processes through an extremely exhaustive debate in which every possible view point was advocated, in which every member of the National Assembly had the fullest possible opportunity to participate, 2/3rds of parliament has considered a law and has validated it. It has been authenticated. It is now in force. Are we to then consider the very unusual possibility that 2/3rds has committeed a breach

[Mr, Javed Jabbar]

of privilege of the 1/3rd when by all principles of democracy and constitutionalism the letter and the spirit of the law has been followed meticulously ?

For the record Mr. Chairman, Article 66 of the Constitution must be noted :

> "66. (1) Subject to the Constitution and to the Rules of Procedure of Majlis-e-Shoora (Parliament), there shall be freedom of speech in Majlis-e-Shoora (Parliament) and no member shall be liable to any proceedings in any court in respect of anything said or any vote given by him in Majlis-e-Shoora (Parliament), and no person shall be so liable in respect of the publication by or under the authority of Majlis-e-Shoora (Parliament) of any report, paper, votes or proceedings".

At the very beginning before I even go to the other articles of the Constitution, this represents a basic obstacle in the path of those who seek to move this motion of privilege because you cannot hold members of the National Assembly possibly guilty of breach of privilege because all their actions and their works are protected from the possibility of any proceedings by the very Constitution that this House seeks to help protect. Article 69 of the Constitution says:

> "69.(1) The validity of any proceedings in Majlis-e-Shoora (Parliament) shall not be called in question on the ground of any irregularity of procedure".

The Constitution is so explicit that even if later on a technical irregularity is discovered the validity of the act of parliament cannot be called into question. So, these are two very basic and fundamental considerations.

We have already referred to Article 73(4) and (5) but then again for the record, I think, we must clearly note them.

> "73(4). If any question arises whether a Bill is a Money Bill or not, the decision of the Speaker of the National Assembly thereon shall be final.
>
> (5) Every Money Bill presented to the President for assent shall bear a certificate under the hand of the Speaker of the National Assembly that it is a Money Bill, and such certificate shall be conclusive for all purposes and shall not be called in question".

I cannot think of any other provision perhaps in the Constitution which is so lucidly explicit. It allows for no possible doubt or mis-interpretation - crystal clear. There may be other provisions in the Constitution where one can legitimately say this, is the intent of the Article, this is the spirit of the Article but here the lucidity with which these words have been written reflect the purpose, the objective and the spirit on which it is based.

**Mr. Chairman:** It also appears that sub-clause (4) and (5) deal with two different situations. Sub-clause (4) talks of a decision of the Speaker which is final. That envisages one situation. Then for purposes of the President it is the certificate which is final. So, there are two different situations. I think they deal with finality on two counts. That apparently is finality on two counts.

**Mr. Javed Jabbar:** I agree but Mr. Chairman, that only in my view re-inforces my point because in one case it refers to the validity of the decision regarding as to whether a Bill is a Money Bill or not a Money Bill and in the other it refers to the next stage - the logical, sequential, progression. Once the Speaker has decided that some thing is valid, the next logical stage is the President and the Constitution is very clear on that as well.

Mr. Chairman, the commentaries often referred to regarding the Constitution of India, the unwritten Constitution of Britain, I absolutely concede that it is very necessary to refer to international precedents and one does so and I think one must learn from the experience of other countries. Indeed the Legislature of Pakistan will benefit by studying legislative development of other countries. However, every country also at certain levels has its own specific experience and the specificality of Zakat is such that I doubt that other legislatures, in any case alas! in the Islamic world we do not have long traditions of parliamentary records or histories which can give us relevant and direct precedent. Indeed the irony is that in the Muslim world at large there are authoritarian, centre-oriented governments which do not encourage legislative de-centralization. Indeed most powers are concentrated in the Centre of Muslim States. So, perhaps it is advisable not to explore these possibilities to greater depth but referring to just one source that one of my honourable friends referred to - Basu's commentary on the Constitution of India. In volume (G) page 59, if you wish to refer to it there is a reference to the unquestionability of the decision of the Speaker in all aspects related to the interpretation of a Money Bill. The very same commentary referred to gives us the benefit of quoting

[Mr. Javed Jabbar]

some thing which re-inforces our view-point.

I come now to the concept of Zakat Ordinance. Now it has been said that it was deliberately visualised to protect it from the vagaries of passing political governments and fortunes. Mr. Chairman, with respect, the Zakat and Ushr Ordinance was created under Martial Law. Martial Law, in our view, you may or may not disagree, is inherently un-islamic. We, therefore, believe that in the light of the experience of the past eight to nine years there are inherent flaws in the concept visualized by the Zakat and the Ushr Ordinance. It is a well established principle that nations must learn by the manner in which laws are applied. That is why even Constitutions are amended every few years, every few months, leave alone laws. What has the experience of the Zakat Ordinance been, I deeply regret to say that mal-practice regarding the distribution of Zakat at the grass roots level has been a well known national phenomenon ever since its inception. I do not doubt the sincerity with which the Ordinance was visualized by my honourable friend and others but the experience has been completely contrary. Zakat has been used administratively under Martial Law and regrettably it continues to be used to this day. We have the peculiar phenomenon that simply because a provincial government may not be the same as the party in the Federal Government, it has been attempting to use the constitution of Zakat Committees to suit its own purposes or to reflect its own candidatures. Now, this is just the new pheno-

Now, this is just the new phenomenon. In tha past there have been numerous stories of accounting mal-practices. At one point, therefore, when the present government took note of the Zakat system in the country, it was felt that in the interest of accountability it was necessary to make certain basic amendments. And when we bring these amendments Mr. Chairman, what are we doing? My honourable friend read out all the proposed amendments. I concede yes those were correct. There is nothing to hide. What is the thrust of each single one of them ? It is to make the Federal Government a party to some of those basic actions. Now, what is the Federal Government? The Federal Government is not sitting on a mountain top safe from accountability. The Federal Government is subject to accountability. Every single day in the National Assembly and in the Senate you can question us on any action or inaction that we are guilty of and the purpose in making the Federal Government a party to the administration of Zakat is to remove the scope for malpractices, is to ensure that at the highest level in the country not just even at a provincial level where local power politics can enable a Provincial Government to get away possibly, I do not say always but it is possible that local power politics enable a provin-

cial government to get away with certain things at the federal level that is very difficult to do.

**Mr. Chairman:** I think you will have to continue in the next meeting of the Senate, I think we will have to adjourn now.

**Mr. Javed Jabbar:** May I just finish in five minutes Mr. Chairman ?

**Mr. Chairman:** No, why don't you keep it for the next day, so that you can continue in the next sitting ?

**Mr. Javed Jabbar:** Just these basic points and then I will continue at the next sitting.

**Mr. Chairman:** O.K. Three minutes more.

**Mr. Javed Jabbar:** Thank you very much. I was just wishing to conclude my point by saying that in the Government's view the concept of Zakat need not be digressed into at the occasion of this privilege motion because in our view the Zakat Ordinance simply creates an official system for a mandatory contribution enjoined by religion, that is our view. It is not our view that it is a tax. So, there is no need to say that we are trying to see it as a tax and moreover Mr. Chairman, the Finance Act.

**Mr. Chairman:** No, if it is not a tax how would you bring it within Article 73 ?

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, may I submit I was just going to say that a Finance Act or a Money Bill is not just about taking money from people, it is a composite financial document of a total country and where you have a religious factor such as Zakat it comes within the responsibility of the Federal Government to ensure that all money is collected whether by the State as tax or whether voluntarily given by people as part of their religious conviction are greatly managed. So, therefore, we do not see any contradiction in placing this under the Finance Act and as I shall very quickly conclude and show you that this has been done frequently in the past. In the past Mr. Chairman, the socalled autonomy of the Zakat Councils was misused to evade the kind of accountability which Parliament alone can enforce and I would say that the role of the provincial government as you will note in the proposed amendments has not been completely excluded. It says specifically:

[Mr. Javed Jabbar]

"shall in consultation with the Provincial Government......."

In Section 14, we are not removing the role of the provincial government. We are only saying let the Federal Government and the Provincial Government work together rather than independently because so-called autonomy can easily be misused.

And lastly Mr. Chairman, there are numerous precedents. Not just the 1987 one, it is most interesting to see that as many as seven different Ordinances and Acts which do not ostensibly have anything to do with the Money Bill were amended as part of the Finance Act in 1986. They include the Transfer of Property Act, the Workmen Compensation Act, the National Development Finance Corporation Act, the Loans for Agricultural Purposes Act, the Employees Cost of Living Act, the Banks Nationalization Act and the Employees Old Age Benefits Act. Then in 1987 we had four other laws which were amended through the Finance Act. The Workmen Compensation Act again, the Foreign Exchange Regulation Act, the Banking Companies Ordinance and the Zakat and Ushr Ordinance and I note with some surprise my honourable friends saying that the amendment made in 1987 in his view is not substantive one. I thought I recall the intensity and the depth with which he argued his case and I am now surprised to find that he thinks that that was not the substantive amendment. It was a substantive amendment. It was duly passed by the previous National Assembly. So, on the grounds of precedent alone Mr. Chairman, in concluding this section of my presentation I submit that there are ample grounds for this motion to be held entirely inadmissible. Thank you.

**Mr. Chairman:** Would you like to say anything further on it or should I conclude the debate ?

**Mr. Javed Jabbar:** Mr. Chairman, I would like to continue in the next sitting.

**Mr. Chairman:** O.K., you will continue with this.

قاضی عبداللطیف : پوائنٹ آف آرڈر، تو ہم اس کے بعد اپنی طرف سے....

جناب چیئرمین : جی ہاں تو اس کا منطق نتیجہ یہی نکلتا ہے۔

I adjourn this House to meet again on the 19th of July, 1989 at 6.00 p.m.

---

[The House adjourned to meet again at six of the clock in the evening on Wednesday the 19th July, 1989].